بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



جمال و حسن قرآں نور جان ہر مسلماں ہے

قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے

الفرقان

ذوالقعدہ ۱۳۸۲ھ

اپریل ۱۹۶۳ء

ایڈیٹر

ابوالعطاء جالندھری

سالانہ بدل اشتراک	قیمت فی پرچہ	تاریخ اشاعت
پاکستان و ہندوستان : چھ روپے دیگر ممالک : تیرہ شلنگ	دس آنے	ہر ماہ کی دس تاریخ کو شائع ہوتا ہے

یورپ اور افریقہ میں تبلیغ اسلام کی ایک جھلک

درمیان میں : سویڈن کے نومسلم جناب سیف الاسلام محمود (حالات صفحہ ۴۴ پر ملاحظہ فرمائیں) - ان کے دائیں طرف : جناب سید کمال یوسف مبلغ سویڈن - بائیں طرف : ایڈیٹر الفرقان -

عزیزم مکرم افتخار احمد صاحب ایاز نے بکوبہ (ٹانگانیکا) مشرقی افریقہ سے مجھے اطلاع دی ہے کہ:-

''گذشتہ دنوں ہمارے کمپالہ کے مبلغ جناب صوفی محمد اسحاق صاحب نے جو کہ آپ کے شاگرد رشید بھی ہیں۔ عیسائیوں کے ایک فرقہ کے پادریوں کو قبولیت دعا کا چیلنج دیا تھا - یہ چیلنج اسی قسم کا تھا جس طرح مکرم شیخ مبارک احمد صاحب نے ڈاکٹر بلی گراہم کو دیا تھا - عیسائی بھلا کب قبول کرنے والے تھے۔ الحمدللہ پریس میں اس چیلنج کا خوب چرچا ہوا اور لوگوں پر عیسائیت کی شکست اور کمزوری واضح ہوگئی - اس عیسائی فرقے کے متعلق اور ہمارے چیلنج کے متعلق نیروبی کے ہفت روزہ اخبار **Reporter** میں ایک مختصر سا مقالہ شائع ہوا ہے جس کا **Cutting** آپ کے ملاحظہ کے لئے ارسال کر رہا ہوں ''

Reporter مورخہ ۲۳ مارچ ۶۳ء میں مبلغ جماعت احمدیہ کے چیلنج کے جواب میں عیسائیوں کے جواب کا خلاصہ یوں ہے۔ ***"We are not interested in Competing with anyone"*** کہ ہمیں کسی سے ایسے مقابلہ کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں'' - دعا ہے - کہ اللہ تعالیٰ ہر میدان میں مجاہدین اسلام کی مدد فرمائے - آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۱۳ شمارہ ۴ | ماہنامہ الفرقان ربوہ | ذوالقعدہ ۱۳۸۲ھ اپریل ۱۹۶۳ء

فہرست مضامین

• یورپ و افریقہ میں تبلیغِ اسلام کی ایک جھلک — ٹائیٹل صفحہ ب
• ختمِ نبوت کا حقیقی مفہوم (اداریہ) — صفحہ ۲
• شذرات — صفحہ ۷
• بنک آف اسلام — صفحہ ۹
• حاصلِ مطالعہ — صفحہ ۱۵
• سرگودھا میں عیسائیوں سے گفتگو — صفحہ ۱۷
• الفرقان کے "عیسائیت نمبر" پر ایک صاحبِ علم کا تبصرہ — صفحہ ۲۱
• احمدیہ تحریک (بنگلہ سے ترجمہ) — صفحہ ۲۲
• اِک دیپ جلا اندھیاروں میں (نظم) — صفحہ ۲۳
• جنگِ بدر (قسط دوم) — صفحہ ۲۵
• ہندوستان پر اسلام کا اثر (قسط دوم) — صفحہ ۳۵
• ایڈیٹر کی ڈاک — صفحہ ۴۱
• نومسلم سعید انور اسلام محمود آف سویڈن — صفحہ ۴۴
• الفرقان کے خاص معاونین — صفحہ ۴۵
• تحریفِ بائیبل اور محقق عیسائی صاحبان — ٹائیٹل صفحہ ج
• عجیب مطالعہ اور معقول جواب — رر صفحہ ج

خریدار بھائیوں سے!

مَیں آپ کا شکرگزار ہوں مگر ساتھ ہی درخواست ہے کہ آپ الفرقان کی توسیعِ اشاعت کے لئے خاص کوشش فرمائیں۔ اس سال میں کم از کم ایک نیا خریدار ضرور مہیا فرمائیں۔ مزید شکریہ۔ (خاکسار ابوالعطاء جالندھری)

نشان

اگر اس دائرہ ◯ میں ضرب × کا سُرخ نشان ہے تو آپ کا چندہ ختم ہے آئندہ کے لئے چندہ ارسال فرما دیں یا اطلاع کر دیں۔ ورنہ آئندہ ماہ آپ کے نام وی پی آئے گا جسے وصول کرنا آپ کا فرض ہوگا۔

(مینیجر الفرقان ربوہ)

مشرقی پاکستان کا دورہ

نظارت اصلاح و ارشاد کے زیرِ انتظام انشاء اللہ خاکسار ۲۴/۴ کو تین ماہ کے لئے مشرقی پاکستان جا رہا ہے احباب سے دعا کی درخواست ہے۔ مجھے کچھ عرصہ سے بلڈ پریشر اور اعصابی کمزوری کی شکایت ہے اللہ تعالیٰ خدمتِ دین کی توفیق بخشے آمین!

الفرقان کی جملہ ڈاک بدستور بنام مینیجر الفرقان ربوہ آتی رہیگی اسکی تعمیل ہوتی رہیگی انشاء اللہ۔ رسالہ کے مضامین اور ذاتی خطوط اس عرصہ میں "انجمن احمدیہ۔ ۱۵ بخشی بازار ڈھاکہ۔ مشرقی پاکستان" کے پتہ پر بھی بھیجے جا سکتے ہیں۔ آئندہ شمارہ ۱۰ مئی ۱۹۶۳ء کو باقاعدہ شائع ہوگا انشاء اللہ

خادم۔ ابوالعطاء جالندھری

(استدراک۔ معاونین الفرقان میں جناب قریشی عبدالرشید صاحب ربوہ کا نام اندراج سے رہ گیا ہے ان کے لئے بھی دعا کی جائے۔

اداریہ

ختمِ نبوّت کا حقیقی مفہوم!

علماءِ دیوبند اور جماعتِ احمدیہ کے نقطۂ نگاہ میں کلّی اتفاق!!

سیاسی علماء دینی عقائد اور مذہبی اعمال کو سیاست کا آلۂ کار بنانے میں بڑے مشّاق ہیں۔ ان کی طرف سے جس طرح گزشتہ دنوں غلافِ کعبہ کو اپنے سیاسی مقاصد اور انتخابات میں کامیابی کا ذریعہ بنانے کی کوشش کی گئی تھی، اسی طرح آجکل پھر ختمِ نبوّت کے مسئلہ کو بطور سٹنٹ (Stunt) استعمال کیا جا رہا ہے۔ اگر خدا ترسی سے کام لیا جائے تو یہ سمجھنا بالکل آسان ہے کہ جماعت احمدیہ اور دیگر مسلمانوں میں ختمِ نبوّت کے مفہوم کے بارے میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں ہے۔ سب مسلمان فرقے حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک نبی (حضرت عیسٰی) کے آنے کے قائل ہیں اور جماعت احمدیہ بھی یہی کہتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مسیح موعود نبیّ اللہ آچکے ہیں۔ گویا اصل اختلاف صرف حیات و وفاتِ مسیح ناصری علیہ السلام میں ہے نہ کہ ختم نبوت کے مفہوم میں۔ مگر محض عوام کو مغالطہ دینے اور اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کی خاطر عام علماء شور مچا رہے ہیں کہ جماعت احمدیہ ختم نبوت کی منکر ہے کیونکہ وہ خوب جانتے ہیں کہ وفاتِ مسیح کا مسئلہ اتنا واضح ہو چکا ہے کہ اب اس پر عوام کو مشتعل نہیں کیا جا سکتا اسلئے انہوں نے ختم نبوت کے تحفظ کا سیاسی ڈھونگ رچا رکھا ہے جو سراسر غیر اسلامی طریقہ ہے۔

ہم الفرقان کی اِس اشاعت میں حاصلِ مطالعہ کے زیرِ عنوان دار العلوم دیوبند کے موجودہ مہتمم جناب قاری محمد طیب صاحب کی کتاب "تعلیماتِ اسلام اور مسیحی اقوام" کے تین اقتباسات درج کر رہے ہیں (ص۱۵-۱۶ ملاحظہ فرمائیں) ان میں جناب قاری صاحب موصوف نے اوّلاً خاتم کو "مصدرِ فیض" قرار دیا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بایں معنی خاتم النبیین ٹھہرایا ہے کہ آپؐ کے ذریعہ سارے ہی طبقۂ انبیاء کو علوم و کمالات تقسیم ہوئے" اور پھر فرمایا ہے کہ "ذاتِ بابرکات خاتم مطلق کی سب سے اکمل روحانیت اور سب سے انتہا مکمل انسانیت جس طرح اگلوں کو فیضِ روحانیت پہنچا رہی تھی اسی طرح وہ پچھلوں پر تکمیلِ کمالات کا کام کر رہی ہے۔" دوسرے آپ نے ان اقتباسات میں تصریح فرمائی ہے کہ دجال اکبر کا جو خاتم الدجالین ہے اصل مقابلہ حضرت خاتم النبیین سے ہے مگر ذاتی طور پر یہ مقابلہ ممکن نہیں تھا کیونکہ نہ دجال اکبر کا خروج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں ہو سکتا تھا اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صدیوں تک زندہ رکھنا مناسب اور شایانِ شان تھا اسلئے قرار

پایا کہ دجال اکبر کی دجالیت کو پاش پاش کرنے کے لئے آپ کا ایسا روحانی فرزند ظاہر ہو جو "خاتم مطلق کے کمالات کا عکس" بھی ہو۔ اس کے قلب میں "ختم نبوت کی روحانیت کا انجذاب" بھی ہو۔ وہ امتِ محمدیہ کا ایسا خاتم المجددین ہو جو خاتم النبیین کی غیر معمولی قوت کو اپنے اندر جذب کئے ہوئے ہو"۔ اسے خاتم النبیین سے "مناسبتِ تامہ" حاصل ہو۔ وہ محض ولی یا مجدد نہ ہو بلکہ نبی ہو "نبوت آشنا ہو"۔ اس کے ساتھ ختم نبوت کا پاور (Power) بھی شامل ہو۔ سوم جناب قادری صاحب موصوف نے اپنے خیال میں اس صورتِ حال کا حل یہ تجویز فرمایا ہے کہ حضرت عیسیٰ بن مریم کو امتِ محمدیہ میں اتارا جائے گویا امتِ محمدیہ کے کسی فرد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی کمالات کے انجذاب کرنے اور آپ کے "تمثالی ابن" بن کر دجال کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں ہو سکتی اسلئے وہ رَسُوْلًا اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ کو امتِ محمدیہ کا خاتم المجددین قرار دینے پر مجبور ہو رہے ہیں۔

ہمیں اس بیان کے صرف آخری نقطہ سے اختلاف ہے۔ جب قرآن مجید سے حضرت مسیح کی وفات بالوضاحت ثابت ہے تو ان کے امتِ محمدیہ میں آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ نیز اس صورت میں خاتمیتِ محمدیہ کا پہلو "پچھلوں کی تکمیل کمالات" بھی ناقص ٹھہرتا ہے اور امتِ محمدیہ کا "خیر امت" ہونا بھی غلط قرار پاتا ہے اسلئے یہی درست ہے کہ دجال کے مقابلہ کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں اور آپ کے فرزندوں میں سے آخری زمانہ میں آپ کے کمالات کا عکس لینے والا نبوت آشنا وجود ظاہر ہوا اسی سے آنحضرت کا "مصدرِ فیض" ہونا روزِ روشن کی طرح ثابت ہوگا۔ حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ نے خوب فرمایا ہے:۔

"حضرت عیسیٰؑ کو آسمان سے اتارنے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ اگر امتی کو بذریعہ انوارِ محمدی کمالاتِ نبوت مل سکتے ہیں تو اس صورت میں کسی کو آسمان سے اتارنا اصلی حقدار کا حق ضائع کرنا ہے اور کون مانع ہے جو کسی امتی کو فیض پہنچایا جائے تا نمونہ فیضِ محمدی کسی پر مشتبہ نہ رہے کیونکہ نبی کو نبی بنانا کیا معنے رکھتا ہے؟ مثلاً ایک شخص سونا بنانے کا دعویٰ رکھتا ہے اور سونے پر ہی ایک بوٹی ڈال کر کہتا ہے کہ لو سونا ہوگیا اس سے کیا ثابت ہو سکتا ہے کہ وہ کیمیاگر ہے؟ سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیوض کا کمال تو اس میں تھا کہ امتی کو وہ درجہ ورزشِ اتباع سے پیدا ہو جائے ورنہ ایک نبی کو جو پہلے ہی نبی قرار پا چکا ہے امتی قرار دینا اور پھر یہ تصور کر لینا کہ جو اس کو مرتبہ نبوت حاصل ہے وہ بوجہ امتی ہونے کے ہے نہ خود بخود۔ یہ کس قدر دروغ بے فروغ ہے۔" (ریویو مباحثہ صـ)

اندریں حالات ہر انصاف پسند شخص کو ماننا پڑے گا کہ (حیات و وفاتِ مسیح کے مسئلہ . . . . کے اختلاف کو ایک طرف رکھتے ہوئے) جہاں تک ختم نبوت کے حقیقی مفہوم کا تعلق ہے علماء دیوبند اور جماعت احمدیہ کے نقطۂ نگاہ میں پورا پورا اتفاق ہے اور جماعت احمدیہ کو ختم نبوت کا منکر ٹھہرانا سراسر دھوکا دہ غلط بیانی ہے۔ وما علینا الا البلاغ المبین ؁

شذرات

(۱) عیسائیوں کے لئے کفارہ کی دلدل

عیسائی پادری حضرت مسیح کی صلیبی موت کو مان کر اور اسے انسانوں کے گناہوں کا کفارہ ٹھہرا کر ایک **دلدل** میں پھنس گئے ہیں۔ بطور نمونہ سیالکوٹ کے عیسائی برکت۔ اے صاحب کے ٹریکٹ "دنیا کا منجی" کے **تاویلی الفاظ** ملاحظہ فرمائیے لکھتے ہیں:-

"گناہ کرنے والوں کو ضرور سزا دینی چاہیئے اور قصوروار کو سزا نہ دینا عدل اور انصاف کے خلاف ہے.... اگر خدا گنہگاروں کو سزا دینے کے بغیر معاف کریگا تو وہ کس طرح عادل اور منصف مانا جائیگا.... اگر خدا کے ہاں گنہگاروں کو ان کے گناہ کی سزا دینے کے بغیر معاف کرنا عدل اور انصاف کے خلاف ہے تو گنہگاروں کو ان کے گناہ کی سزا دینا بھی تو خدا کے رحم اور محبت کے منافی ہے۔ پس خدائے عادل نے گنہگاروں کی سزا کا حکم مسیح یسوع کے صلیبی دکھوں اور صلیبی موت کے وسیلہ سے پورا کیا۔" (صفحہ ۱۸-۱۹)

الفرقان۔ عیسائیوں کی مجوزہ صورت میں نہ عدل ثابت ہوتا ہے اور نہ رحم و محبت کا ثبوت ملتا ہے۔ عدل تو اسلئے نہ ہوا کہ اس کا تقاضا "گنہگاروں کو سزا" بتایا گیا تھا۔ پیش نظر صورت میں انہیں سزا نہیں ملی اسلئے عدل نہ ہوا۔ رحم و محبت اسلئے ثابت نہ ہوئے کہ بیچتے چلاتے "بے گناہ بیٹے" کو بے انت گنہگاروں کے بدلے سزا دیدی۔ محبت والی بات کچھ بن جاتی اگر "باپ" سزا خود برداشت کرتا۔ مجوزہ صورت میں ایک سراسر غیر معقول پہلو یہ بھی ہے کہ بقول انجیل ارحم الراحمین خدا انسانوں کو تو سزا میں ابدالآباد کیلئے جہنم میں ڈالتا ہے مگر اپنے بیٹے کو صرف **تین دن رات کیلئے** ہاویہ میں رکھ کر معاملہ ختم کر دیتا ہے۔ پھر یہ بھی **سوال ہے** کہ حضرت مسیح کی "صلیبی موت" سے پہلے جو کروڑوں اربوں انسان ہزاروں لاکھوں سال سے گناہ گار ہو کر مرتے رہے ان کے لئے "خدا کے رحم و محبت" نے کیا کیا تھا؟ سچ تو یہ ہے کہ عیسائی نظریہ عقل و علم کی کسوٹی پر قطعاً ٹھہر نہیں سکتا۔ بلکہ خود کتاب مقدس کے بھی خلاف ہے لکھا ہے:-

"وہ جان جو گناہ کرتی ہے سو ہی مرے گی۔ بیٹا باپ کی بدکاری کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور نہ باپ بیٹے کی بدکاری کا بوجھ اٹھائیگا۔ **صادق کی** صداقت اسی پر ہوگی اور شریر کی شرارت اسی پر پڑیگی لیکن اگر شریر اپنی ساری خطاؤں سے جو اس نے کی ہیں باز آئے اور میرے سارے حکموں کو حفظ کرے اور جو کچھ شرع میں درست اور روا ہے کرے **تو وہ یقیناً جئے گا وہ نہ مرے گا۔ اسکے سارے گناہ جو اس نے کئے اس کے لئے محسوب نہ ہونگے۔**"

(حزقیل ۱۸/۲۰-۲۲)

(۲) بہائیوں کی تازہ ترین مبالغہ آرائی

بات تو یوں ہوئی تھی کہ علی محمد باب کے قتل ہونے پر بابیوں

نے شاہِ ایران پہ گولی چلائی جس کے نتیجہ میں بابیوں کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے حکومت کا مقابلہ کیا اور کچھ باغی بابی مقابلہ میں مارے گئے۔ بہائی مصنف نے لکھا ہے کہ :-

"حضرت باب شہید کئے گئے اور ان کے ایک خادم نے کچھ آدمیوں سے سازش کرکے بادشاہ پہ گولی چلائی اور اس کے بعد بابیوں کا تمام ایران میں قتلِ عام ہوا۔" (بہاء اللہ کی تعلیمات ص۱)

بہائی لوگ بابیوں سے مخالفت کے باوجود ان کے اس واقعہ کو مبالغہ کے رنگ میں پیش کرکے ناجائز فائدہ اٹھاتے رہتے ہیں۔ تازہ ترین مبالغہ آرائی کے لئے مندرجہ ذیل دو اقتباس ملاحظہ فرمائیں :-

(۱) "اس کا بیج بیس ہزار سے زیادہ شہیدوں کا خون ہے جنہوں نے اپنی جانیں دیں۔"

(بہائی میگزین لاہور اپریل ۱۹۶۳ء ص۱)

(۲) "آپ کے پچاس ہزار سے زائد پیروکاروں کو مختلف اذیتوں کے ساتھ تہ تیغ کیا گیا۔"

(بہائی میگزین لاہور اپریل ۱۹۶۳ء ص۱)

ناظرین غور فرمائیں کہ جو قوم ایک ہی رسالہ میں اتنا تضاد اور اتنا مبالغہ کر سکتی ہے اس کی تاریخ کا کوئی اعتبار ہو سکتا ہے ؟

(۳) بہائی مسلمان نہیں وہ مستقل امت ہونے کے دعویدار ہیں

علامہ اقبال سے لیکر ترجمان القرآن لاہور کے ایڈیٹر جناب مودودی صاحب تک غلط فہمی اور احمدیوں کی دشمنی کی بناء پر یہ لکھ چکے ہیں کہ احمدیوں کو اگر مسلمانوں کا فرقہ قرار دیا جائے تو بہائیوں کو بھی مسلمانوں کا فرقہ شمار کرنا چاہیئے۔ ایسے لوگوں کی جہالت ثابت کرنے کے لئے بہائی رسالہ کا ذیل کا اقتباس پیش ہے۔ لکھا ہے :-

"ان دنوں فاضل مدیر صدق جدید لکھنؤ نے تکفیر باہمی کے خلاف اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تو رسالہ ترجمان القرآن لاہور میں لکھا گیا کہ "کیا بعض عقائد میں اشتراک ہی کسی فرد یا گروہ کو دائرہ اسلام میں شامل کرنے کی ضمانت ہے ؟ اگر اس اصول کو ذرا وسعت دیدی جائے تو پھر بہائیوں کو بھی اسلام کا ایک فرقہ شمار کرنا پڑے گا۔" اس پر گزارش ہے کہ بہائیوں کو فرقہ ہرگز شمار نہ کیجئے وہ تو مستقل طور پر خالص دین اللہ پر قائم ہیں . . . حضرت بہاء اللہ مستقل شریعت لائے ہیں۔ بہائی ایک مستقل اُمت ہیں کسی گزشتہ اُمت کا فرقہ نہیں۔"

(بہائی میگزین لاہور اپریل ۱۹۶۳ء ص۲۰-۲۱)

(۴) بہائی مذہب اور تکفیر!

بہائی لوگ اپنی اصل کتابوں کا اخفاء کرکے عوام میں مقبولیت حاصل کرنے کے لئے غلط طور پر لکھتے رہتے ہیں کہ :-

"اہلِ بہاء سب قوموں کو وحدت کی طرف بلاتے ہیں کسی کو بھی کافر نہیں کہتے ہیں۔"

(بہائی میگزین اپریل ۱۹۶۳ء ص۲۱)

جواباً بطور نمونہ گزارش ہے کہ جناب بہاء اللہ نے تو لکھا ہے کہ :-

"یہ مظلوم دن رات قل یا ایھا الکافرون پکار رہا ہے کہ شاید تنبیہ کا سبب ہو اور لوگوں کو

انصاف کے زیور سے آراستہ کرے " (لوح ابن ذئب صفحہ ۱)
پھر لکھا ہے :" طوبیٰ لمن سمع ورأی وویل لکل منکر کفار " (مجموعہ اقدس صفحہ ۱۱۹)
کہ جو سُنے اور دیکھے اُسے مبارک ہو اور جو منکر کفار ہیں اُن کے لئے ہلاکت اور تباہی ہے ۔"
گویا بہاء اللہ تو اپنے منکروں کو کافر کہتے اور ان کے لئے ہلاکت کی خبر دیتے ہیں مگر بہائی کہتے ہیں کہ ہم کسی کو بھی کافر نہیں کہتے۔

(۵) مجلس احرار قصۂ پارینہ بن چکی ہے۔

جناب شورش کاشمیری نے اپنی " ایماندارانہ رائے " یہ دی ہے کہ " اب احرار کا زمانہ لد چکا ہے " اور پھر لکھا ہے کہ :-
" واقعہ یہ ہے کہ مجلس احرار بلحاظ جماعت تاریخ کے حوالے ہو چکی ہے اب اس کا ذہنی وجود تو بعض روایتوں اور حکایتوں کی وجہ سے ملک کے عوامی دماغوں میں موجود ہے لیکن (۱) نہ اس کی کوئی تنظیم ہے (۲) نہ اس کا مربوط شیرازہ ہے (۳) نہ اس فضا میں اُڑنے کے لئے اس کے پاس پروبال ہیں ۔"
(چٹان لاہور ۲۵ مارچ سنہ ۶۳ء صفحہ ۲)

الفرقان :- گویا مجلس احرار اب قرآنی آیت وجعلنٰھم احادیث ومزقنٰھم کل ممزق کی مصداق بن چکی ہے ۔

(۶) حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ سے حضرت علیؓ کے تعلقات

شیعہ رسالہ المنتظر زیر عنوان " دختر رسول کی شادی " لکھتا ہے :-
" جناب امیر فرماتے ہیں کہ میرے پاس ابوبکرؓ و عمرؓ نے آ کر کہا کہ رسول ؐ کے پاس جا کر فاطمہؓ کی خواستگاری کیوں نہیں کرتے ۔ یہ سُن کر میں جناب رسول خدا صلعم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا ۔" (۲۰ مارچ سنہ ۶۳ء صفحہ ۱۰)
اس سے عیاں ہے کہ حضرت علیؓ کے حضرات شیخینؓ سے کیسے مخلصانہ تعلقات تھے اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان پر کتنا گہرا اعتماد تھا ۔

(۷) شیعہ جداگانہ نصاب دینیات کے طالب ہیں

آل پاکستان شیعہ کانفرنس کی مجلس عاملہ کا مطالبہ ملاحظہ فرمائیں :-
" تیسری قرارداد میں شیعہ طلباء و طالبات کے لئے جداگانہ شیعہ دینیات کا مطالبہ کیا گیا ۔ تاریخ و سیرت کی کتب سے ایسے مواد کو خارج کرنے کا مطالبہ کیا گیا جو شیعوں کے لئے قابل اعتراض و دل آزار ہے ۔ نیز امتحانات مولوی ، مولوی عالم اور مولوی فاضل میں شیعہ فقہ ، شیعہ حدیث اور شیعہ تفسیر کا الگ انتظام کرنے کا مطالبہ کیا گیا ۔" (المنتظر ۲۰ مارچ صفحہ ۱۱)

(۸) اہل حدیث گروہ اور ممانعت جہاد

ماہنامہ رضوان لاہور کا ذیل کا اقتباس ہم بلا تبصرہ شائع کرتے ہیں :-
" جماعت اہل حدیث کے امام و پیشوا مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب لاہوری اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں اپنی حقیقت خود ہی اپنے قلم سے واضح کرتے ہوئے کہتے ہیں " میں اس باب میں کہ انگریز کی مخالفت اور بغاوت

حرام اور **سخت گناہ** ہے ایک مستقل رسالہ اقتصاد فی مسائل الجہاد لکھ چکا ہوں۔ اصل مضمون اس رسالہ کا یہ ہے کہ ہم لوگوں کو جو عہد گورنمنٹ کے عہد میں امن میں ہیں اور ان کی طرف سے شعائر دین کے ادا کرنے میں خود مختار و آزاد ہیں **اس گورنمنٹ سے جہاد کرنا جائز نہیں ہے**۔" رسالہ اشاعۃ السنۃ ضمیمہ نمبر ۱۲ صفحہ ۴ بابت ۱۳۰۲ھ جلد ۴ مطابق ۱۸۸۵ء۔ اہل حدیث اپنے امام کے اس اعلان کو بھی ملاحظہ فرمالیں اور قارئین کرام بھی اس کو پڑھیں اور فیصلہ کریں کہ جہاد کی منسوخی کا اعلان کس طرف سے ہوا۔" (رضوان نومبر ۱۹۶۲ء صفحہ ۳)

(۹) "جماعت اسلامی" پاکستان کے لئے "ایک فتنہ" بن گئی ہے!

گھر کے بھیدی مولانا امین احسن اصلاحی لکھتے ہیں:۔

"میں عرصہ سے یہ خطرہ محسوس کر رہا تھا کہ اقامتِ دین کے یہ مدعی بہت جلد اس ملک میں اسلام اور مسلمانوں کے لئے ایک فتنہ بن جائیں گے۔ افسوس ہے کہ میرا یہ اندیشہ بالکل صحیح نکلا اور ان حضرات نے غلافِ کعبہ کی نمائش اور جلوس کے پیچھے نہ صرف اپنے تمام بیان کردہ عقائد و ایمانیات کا جنازہ نکال دیا ہے بلکہ غلاف کے اس احترام کی آڑ میں ملک کے لاکھوں عوام کے دین و ایمان کو بھی اپنی **سیاسی بازی گری** کے داؤں پر لگا دیا ہے۔"

(الاعتصام ۵ اپریل ۱۹۶۳ء صفحہ ۴)

(۱۰) "جماعت اسلامی" کے متعلق احراری ماہنامہ کی رائے

ماہنامہ تبصرہ لاہور لکھتا ہے:۔

"نام و نمود، سستی شہرت اور ریاکاری و نمائش اب جماعتِ اسلامی کی عادتِ ثانیہ بن چکے ہیں۔ اس جماعت نے حصولِ اقتدار کے لئے اب وہ وہ حربے استعمال کرنا شروع کر دئیے ہیں کہ کسی سیاسی جماعت نے شاید اس کا تصور بھی نہ کیا ہو۔ یہ غلافِ کعبہ ہی کا قصہ لیجئے اور ابتداء سے آخر تک اس کی ایک ایک صورت کو سامنے رکھئے تو ہر شخص اس کی تائید کرے گا کہ جماعتِ اسلامی نے غلافِ کعبہ کے تقدس کو اپنی سیاسی شہرت کے لئے کس اوچھے طریقے سے استعمال کیا ہے ۔ ۔ ۔ وہ ایک ایسی جماعت ہے کہ علمائے حق کے نزدیک اس کی دینی اور مذہبی حیثیت خود مشکوک اور محلِ نظر ہے۔" (تبصرہ اپریل ۱۹۶۳ء صفحہ ۴)

(۱۱) اہلحدیث لڑکی سے حنفی مرد کے نکاح کی شرط؟

کراچی کے پندرہ روزہ "صحیفہ اہلحدیث" میں شامی جلد ۲ صفحہ ۲۹۳ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ:۔

"قاضی ابوبکر جوزجانی کے عہد میں ایک حنفی نے ایک اہلحدیث سے اس کی بیٹی کا رشتہ مانگا تو اس اہلحدیث نے **انکار** کر دیا مگر اس **صورت** میں کہ وہ حنفی **اپنا مذہب چھوڑ دے** اور امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھے اور رکوع میں جاتے وقت رفع یدین بھی کیا کرے مثل اس کے (اہلحدیث کے) دوسرے کام بھی کیا کرے۔ پس اس حنفی نے اس بات کو منظور کر لیا تو اس اہلحدیث نے اپنی لڑکی اس کے نکاح میں دیدی۔"

(صحیفہ اہل حدیث۔ کراچی۔ ۱۳ مارچ ۱۹۶۳ء صفحہ ۱۲)

(۱۲) کعبۃ اللہ کی توہین اور بے حرمتی

جناب مودودی صاحب نے غلافِ کعبہ کی جو نمائش کرائی ہے اس کے پیشِ نظر اہلِ حدیث کے بڑے مفتی نے عربی و اُردو میں حسب ذیل فتویٰ دیدیا ہے:۔

"وسترا لکعبة بمثل هذه الكسوة عار وطعن على جماعة الموحدين وفيه انتهاك حرمة الكعبة ايضاً۔

اور ایسے غلاف کا کعبہ پر چڑھانا جماعتِ موحدین کے لئے عار اور ان پر بہت بڑا طعن ہے نیز اس میں کعبۃ اللہ کی توہین اور بے حرمتی ہے۔"

(تنظیم اہلحدیث لاہور ۲۹ مارچ ۱۹۶۳ء صفحہ ۵)

الفرقان۔ اب دیکھئے کہ سعودی حکومت اس فتویٰ کی روشنی میں کعبۃ اللہ کی توہین و بے حرمتی گوارا کرتی ہے یا نہیں؟

(۱۳) رسول کریمؐ کو خاتم الانبیاء منوانے کا عملی طریقہ

جناب صوفی نذیر احمد صاحب کاشمیری نے اپنے فوٹو کی اشاعت کے ساتھ ختم نبوت کانفرنس والوں کے متعلق لکھا ہے:۔

"جذبات کے دیوانوں کو کون بتائے کہ دنیا کے سامنے رسول کریمؐ کو خاتم الانبیاء منوانے کا عملی طریقہ صرف یہ ہے کہ حضورؐ کے اسوۂ حسنہ کو ہر حیثیت سے کامل اور ہدایتِ انسانی کے لئے کافی سمجھ کر اس میں فنائے کامل حاصل کی جائے۔ جب تک اس اصول کو اپنے دین و ایمان کا مرکزی ستون نہ بنا لیا جائے تب تک ایک قادیانیت کو مٹاؤ گے تو دس اور کھڑی ہونگی۔ ہماری پوری تاریخ ملّی وضاحتاً بتاتی ہے کہ ایسے سب فرقے پیر پرستی کے غلو سے پیدا ہوئے ہیں اور یہ غلو مزار شکلوں میں اُمّتِ محمدیہ میں موجود ہے۔"

(نوائے وقت ۲۶ مارچ ۱۹۶۳ء)

الفرقان۔ اے کاش اکہ "سیاست و اقتدار" کے یہ بھوکے دیوانے جناب صوفی صاحب کی اس نصیحت پر کان دھریں۔ وہ اسوۂ نبوی میں "فنائے کامل" حاصل کریں۔ ہمیں یقین ہے کہ جب مسلمان یہ کام کر لیں گے تو وہ سب کے سب یہ کہنے پر مجبور ہوں گے ؎

بعد از خدا بعشقِ محمدؐ مخمّرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

اگر صوفی صاحب پر بھی حقیقت منکشف ہو جاتی تو انہیں احمدیت میں "پیر پرستی کا غلو" نظر نہ آتا کیونکہ یہاں اس کی گنجائش ہی نہیں۔

(۱۴) جناب مودودی صاحب وضاحت فرمائیں

ہفت روزہ نورِ جہاں کراچی ۲۴ مارچ ۱۹۶۳ء نے لکھا ہے:۔

"تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ مادام آزوری نے چند ایسے رقص ترتیب دیئے ہیں جو ہمارے کلچر اور روایات کے عین مطابق ہیں۔ ہمارے نمائندے کو مادام آزوری نے بتایا کہ وہ عنقریب ان ناچوں کا مولانا مودودی کے سامنے مظاہرہ کرے گی جنہیں دیکھ کر انہیں یقین ہے کہ مولانا مودودی کو اپنے نظریات میں تبدیلی کرنی پڑے گی۔"

مقالہ "بنک آف ربوہ" پر ایک علمی نظر

بنک آف اسلام

(از محترم جناب سید فضل الرحمٰن صاحب فیضی آف منصوری)

جنوری ۱۹۶۳ء کے ماہنامہ "الفرقان" میں ایک تحقیقی مقالہ زیرِ عنوان "بنک آف ربوہ" شائع ہوا ہے جس میں قرآنی اعلان "یمحق اللّٰہ الربٰوا و یربی الصّدقات" کی روشنی میں سُودی لین دین کی لعنت کو مٹانے کی غرض سے چند ایک عملی تجاویز پیش کی گئی ہیں جو بعض لحاظ سے نہایت ہی قابلِ قدر و لائقِ صد تحسین ہیں۔ اِس مقالہ کے تین حصے ہیں۔

حصّہ اوّل میں سُودی چکّر و بنک کے اجراء کی مختصر تاریخ، سُودی نظام کا خاکہ، اور اس کے ظالمانہ دُور رس و تباہ کن اثرات کا نقشہ پیش کیا گیا ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح چند یہود و ہنود صفت بنک والے قوتِ سرمایہ کو اپنے لئے سمیٹ کر نہ صرف ضرورت مند عوام کا بلکہ حکومتوں کا بھی خون چُوس لیتے ہیں اور آخر کار اُن کو اپنا اقتصادی غلام بنا لیتے ہیں۔

حصّہ دوم میں متبادل نظام یعنی سُود سے بچنے کی اسلامی سکیم زکوٰۃ، حکومت کی طرف سے زرِ تقدیر ٹیکس، قرضِ حسنہ کی ترویج، دھاتی سکّوں کے بجائے نوٹوں کا استعمال اور عوام و بنک اور حکومت کے درمیان باہمی تعاون کی ضرورت پر بحث کی گئی ہے۔

حصّہ سوم میں "بنک آف ربوہ" کے قیام کی تجویز، اس کا طریقِ کار، فراہمی سرمایہ کا حل بذریعہ حصص شمولیت کل زرِ نقد صدر انجمن احمدیہ اور وصیت وغیرہ پر اظہارِ خیالات کیا ہے۔ اِس تجویز کی غرض یہ ہے کہ مرکز میں رفاہِ عامہ کے کام بسہولت ہو سکیں، جماعتی تجارت و صنعت کو فروغ ہو اور عالمی اسلامی تبلیغ کے لئے بھی روپے کی قلت نہ رہے۔ مختصر یہ کہ عام فارغ البالی کا دَور دَورہ آجائے۔

مقالہ مذکور کے پہلے دو حصوں میں جن امور کو لائق مضمون نگار صاحب نے پیش فرمایا ہے ان کا تعلق من کلّ الوجوہ ملکی عوام اور حکومت سے ہے اور ان کی افادیت بلحاظ اپنی وسعت و متوقع انقلابی اثرات کے اظہر من الشمس ہے۔ حصہ سوم جماعت سے متعلق ہے۔

اِس سلسلہ میں یہ امر بھی قابلِ ذکر اور موجبِ مسرت ہے کہ بیرونِ جماعت بعض مقتدر حضرات جو ملک میں بتدریج اسلامی نظام قائم کرنے کے متمنی ہیں وہ بھی سود کے خلاف اپنی آوازیں بلند کر رہے ہیں۔ قومی اسمبلی کے

اسپیکر جناب مولوی تمیز الدین خاں صاحب نے کراچی کے خالق دینا ہال میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا "اگر قرآنی احکامات کے مطابق کوششیں کی جائیں تو سُود سے آزاد اقتصادی حالت کا قیام بالکل ممکن ہے . . . . عوام کے لئے ضروری ہے کہ باہمی تعاون کے فوائد کا علم حاصل کریں حقیقت یہ ہے کہ باہمی تعاون کی روح انسانی معیشت کے لئے ازبس ضروری ہے۔" (پاکستان ٹائمز ۲۵ ۲/۲) - اسی طرح کراچی میں "مؤتمر عالم اسلامی" کی انتظامیہ نے زیرِ صدارت جناب مفتی اعظم فلسطین سید محمد امین الحسینی صاحب یہ فیصلہ کیا ہے کہ بنکوں کا کاروبار اسلامی طریق پر قائم کیا جائے -
(پاکستان ٹائمز ۳/۲۲ ۱۱)

لنڈن کے ایک ماہنامہ "مسلم نیوز انٹرنیشنل" مجریہ فروری ۱۹۶۳ء میں ایک مضمون زیرِ عنوان "بلا سُود بنکنگ" شائع ہوا ہے جس میں یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ موجودہ "کمپنی ایکٹ" کے ماتحت ایک بنکنگ کمپنی قائم کر کے "بلا سُود بنک" کا کام پہلے دو لاکھ پاؤنڈز سے کراچی میں شروع کیا جائے - پھر کامیاب تجربہ کے بعد اس بنک کی شاخیں سارے پاکستان میں کھولی جائیں۔" الحمد للہ کہ مسلمان اب "بلا سُود بنکنگ" کے مسئلہ پر نہ صرف سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں بلکہ اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کی طرف بھی متوجہ ہیں -

اب ہم الفرقان والے تحقیقی مقالہ "بنک آف ربوہ" کے پہلے دو حصوں سے متعلق شروع میں اپنی چند معروضات پیش خدمت کرتے ہیں۔

اوّلاً یہ عرض ہے کہ مجوزہ بنک کا نام بجائے "بنک آف ربوہ" کے "بنک آف اسلام" ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اپنے اسلامی ملک میں کامیاب تجربہ کے بعد دوسرے مسلم اور غیر مسلم ممالک میں بھی اس کی شاخیں کھولنے کا خیال ہے تو پھر ایسا نام ہونا چاہیئے جو ہر جگہ نہ صرف متعارف ہو بلکہ جاذبِ توجہ بھی۔ دنیا کے قریباً تمام غیر مسلم ممالک میں بھی ان کی حکومتیں اور ضرورت مند صنّاع، تجار و عوام بھی —— سوائے سُود خور بنک والوں کے —— سب کے سب سُودی قرضوں کے ہولناک عذاب کے تحت کراہ رہے ہیں اور مر رہے ہیں۔ ان کو تسلی دلانے کے لئے کہ اسلام کے اقتصادی نظام میں ہی اب بنی نوع انسان کی بہبود و نجات ہے "بنک آف اسلام" کا نام نفسیاتی و تبلیغی لحاظ سے انشاء اللہ العزیز بہت مؤثر و بابرکت ثابت ہوگا۔ اور عجب نہیں کہ اگر خدا تعالیٰ نے چاہا ہے تو اسلام کی طرف ان کے دلوں کو پھیرنے کا یہ بھی ایک ذریعہ بن جائے۔

دوسری عرض یہ ہے کہ کسی مفید سے مفید کام یا اسکیم کو جاری کرنے سے بیشتر ضروری ہوتا ہے کہ اس کی افادیت زیادہ سے زیادہ لوگوں کے سامنے پیش کی جائے تاکہ بوقت اجراء وہ ذہنی اور طبعی طور پر اس اسکیم کو بانشراحِ صدر قبول کر سکیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ بلا سُود بنک کے خیال کو بذریعہ ملکی پریس عام کیا جائے اور تحقیقی مقالہ مذکور کے پہلے دو حصوں کو نظرِ ثانی کے بعد اچھے پمفلٹ کی صورت میں شائع کر کے کثیر تعداد میں ملک میں تقسیم کیا جائے۔ اور اس پمفلٹ میں خالص سُود کے مسئلہ پر ہی سیر کُن تبصرہ ہو۔ زائد باتیں حذف کر دی جائیں مثلاً سُود

کے مسئلہ کے ساتھ کرایہ داری، کرایہ و ملکیت جائیداد کی بحث۔ ورنہ عوام میں یہ ایک ذہنی اُلجھن پیدا کرنے کا موجب ہوگی۔ کیونکہ ان کی دانست میں کرایہ کی وہ وسیع اور پیچیدہ تعریف نہیں ہے جو آجکل کی "معاشیات" میں جائز و برحق متصوّر کی گئی ہے۔ کرایہ کا مسئلہ ایک علیحدہ مسئلہ ہے، اس کو سرِدست مسئلہ سود سے علیحدہ ہی رکھنا چاہیئے۔ علاوہ ازیں اسلام سوشلزم اور دیگر اقتصادی سوشلزم کے فرق کو بھی ہم نظر انداز نہیں کر سکتے تا ایسا نہ ہو کہ بلا سود بنک والوں کا قافلہ مکّہ جاتے جاتے کہیں ماسکو نہ جا پہنچے۔

تیسری غرض یہ ہے کہ جیسا کہ ہر بڑی انقلابی تحریک کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ اس کو مسلسل طور پر زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کے ذہن نشین کرایا جائے تاکہ وہ آئندہ بھی پھیلتی رہے۔ اس لئے مزید اسلامی احکامات کی روشنی میں مقالہ مذکور کو سادہ و عام فہم زبان میں ہی مناسب تاریخی و تمثیلی اضافوں کے ساتھ بصورت کورس مرتّب کر کے اسکولوں میں پڑھانے کا انتظام کیا جائے تا نوجوان طلباء کے اندر سُود کے خلاف شدید نفرت پیدا ہو اور سُود کو سے زیادہ وہ اس کو بدتر سمجھیں۔ مجوزہ کورس کی تیاری میں مختلف مکاتیب کے جیّد علماء و فقہاء نیز حکومت کے ادارہ "سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ" سے بھی مشورہ حاصل کرنا مفید ہوگا تاکہ کورس کی کتاب میں جو مواد آئے وہ "قدرِ مشترک" کے مترادف یعنی متفقہ ہو۔ پھر ملکی محکمہ تعلیم کی منظوری کے بعد وہ میٹرک کورس کی "اسلامیات" میں شامل کر لیا جائے۔

تحقیقی مقالہ کا حصہ سوم جو آخری ہے وہ خالصتہً جماعت احمدیہ و جماعت کے مرکز سے تعلق رکھتا ہے۔ اس حصہ میں خیالات و جذبات دلکش و زرّیں بھی ہیں اور کچھ حل طلب بھی۔ جماعتی لحاظ سے حل طلب باتیں لمحۂ فکریہ پیش کرتی ہیں۔

مثلاً ایک طرف مقالہ میں بتایا گیا ہے کہ "گوسالۂ سامری کے واقعہ سے اتنا ضرور پتہ چلتا ہے کہ سونے کی آواز گو بے معنی ہو اس کی قوم اس کی عبادت کرنے لگتی ہے اور خدائی وحی کو پسِ پشت ڈال دیتی ہے۔" (الفرقان جنوری ۱۹۶۳ء صـ۲۲) ۔ نیز بالعموم "دولت خرابی کو دعوت دیتی ہے اور خودسری کا پیش خیمہ ہے۔" (ایضاً صـ۲۸) یہ خیالات سراسر حقیقت پر مبنی ہیں۔ چند استثنائی مثالوں کو چھوڑ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ حصولِ زر و دولت واقعی ہمیشہ انسان کی روحانی و اخلاقی قوتوں کے لئے تباہ کن ثابت ہوا ہے اور دنیا میں تمام خود غرضیوں و خودسریوں کا پیش خیمہ بن کر فسادِ عظیم برپا کرتا ہے!

دوسری طرف یہ ارشادِ الٰہی ہے۔ ولتکن منکم امّۃ یدعون الی الخیر.... (آل عمران ع۱۱) یعنی چاہیئے کہ تم میں (اے مسلمانو!) ایک ایسی جماعت ہو جو ہمیشہ دعوت الی الخیر میں مصروف رہے۔" تاکہ دینِ اسلام کے ذریعہ دنیا میں اچھی باتیں رواج پکڑیں اور بُری باتوں کا قلع قمع ہو۔ دینی جماعتیں ایک نظام کے ماتحت اپنے درویش صفت مبلغین کے ذریعہ ہمیشہ یہی کام کرتی ہیں۔ اور محتاج ہوتی ہیں خدمات و قربانیوں کی،

اور اموال و زرگری کی دھن سے قطعی بے نیاز۔ یہ تو ظاہر ہے کہ دینی جماعت کا ہر فرد نہیں بلکہ ایک مخصوص طبقہ ہی دعوت الی الخیر کے لئے وقف ہوتا ہے اور جس جگہ سے اس کا نظام جاری ہو وہ جگہ اس کا مرکز کہلاتی ہے۔ مرکز ربوہ میں ہمیں ایسا نظارہ ہی دکھائی دیتا ہے۔ لہذا صدر انجمن احمدیہ تحریک جدید، وقف جدید اور دیگر تعلیمی و تربیتی اور خدمت خلق کے ادارے سب اُمّةٌ یدعون الی الخیر کے زمرہ میں سب سے پہلے آتے ہیں کیونکہ ان کے عہدیداران و کارکنان دینی خدمات میں اس درجہ منہمک رہتے ہیں گویا ان کے سامنے دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کے سوا اور کوئی غم نہیں ہے۔ یہ اللہ والے دن کو دینی مشاغل سے شغف رکھتے ہیں تو رات کو غلبۂ اسلام کے خواب دیکھتے ہیں اور دعائیں کرتے ہیں۔ دین کے لئے بخوشی پیٹ کاٹ کر بھی چندے دیتے ہیں۔ ان کا مقولہ ہے "خدا داری چہ غم داری"۔

بایں صورت جب یہ مسلّمہ حقیقت ہے کہ "دولت خرابی کو دعوت دیتی ہے اور خود سری کا پیش خیمہ ہے" تو مقام غور ہے کہ مرکز کے درویشوں کے سامنے کیا ہم دولت سمیٹنے کے نئے طریقے پیش کر کے کوئی بڑا دینی کام سرانجام دیں گے؟ ... کیا معاذ اللہ "خرابی و خود سری" کا بیج تو نہیں بوئیں گے؟

جماعت احمدیہ دنیا میں تبلیغ کے ذریعہ اسلام کی نشأۃ ثانیہ برپا کرنے کے لئے عالم وجود میں آئی ہے اور تاریخ بتاتی ہے کہ ہر زمانہ میں تبلیغ کا کام بالعموم طوعی قربانیوں اور درویشوں کے ذریعہ ہوا ہے دولتمندوں کے ذریعہ نہیں۔ ہندوستان میں بھی اسلام انہی ذرائع سے پھیلا تھا۔ تاریخ احمدیت بھی یہی شہادت دیتی ہے لیکن اب ربوہ میں یا باہر

اگر جماعت احمدیہ کا تبلیغی نظام دولت پیدا کرنے کی غرض سے بے سود بنک کی اسکیم میں یا ایسی اور نئی اسکیموں میں اپنے سرمایہ کے ساتھ عملاً شامل ہو جائے تو پھر اس کے خالص دینی انہماک میں یقیناً اور لازماً خلل واقع ہو جائیگا۔ اور اس کا عالمگیر مضر اثر پڑے گا۔ اس کے برعکس مجوّزہ شمولیت کی صورت میں اگر جماعت نے دین کو دنیا پر مقدم رکھتے ہوئے دولت پیدا کرنے والی نئی اسکیموں کی طرف پوری توجہ نہ دی تو پھر اس کی اسکیمیں فیل ہو کر رہ جائیں گی یا اس حد تک کامیاب نہیں ہوں گی جیسا کہ ہونا چاہیئے۔ جماعتی طور پر ہمیں کچھ نہ کچھ اس کا تجربہ بھی ہے۔

۱۹۵۰ء کی بات ہے کہ سندھ میں ایک مرتبہ ریل کے کمپارٹمنٹ میں میرے ہم سفر سندھ کے ایک معروف پیر صاحب اور ایک مسلمان بیرسٹر تھے۔ بیرسٹر صاحب سے جماعت احمدیہ کے عقائد اور اس کی دنیا میں تبلیغی جد و جہد کے بارے میں گفتگو ہوئی تو اُن کو متاثر دیکھ کر پیر صاحب نے مجھ سے فرمایا "آپ یورپ اور امریکہ کی باتیں کر رہے ہیں ہمیں تو یہاں کی بات بتائیں۔ کم و بیش بیس سال کا عرصہ آپ کی جماعت کو سندھ میں آئے ہو چکا ہے۔ آپ اس علاقہ میں زمینداری کر رہے ہیں۔ فیکٹری کا کام اور تجارت بھی کرتے ہیں مگر یہ بتائیں سندھ میں آپ نے تبلیغ کیا کی ہے؟ ہمیں تو آپ تبلیغ کرتے نظر نہیں آتے۔ دنیوی کام بے شک کر رہے ہیں...." جواباً مَیں نے عرض کیا "حضرت یہ بات میری سمجھ سے بالا ہے کہ ہم سندھ میں تبلیغ نہیں کرتے۔ بیس سال کے عرصہ کا کیا ذکر وہ تو مَیں نے نہیں دیکھا۔ البتہ مَیں سندھ میں ایک نووارد احمدی ہوں۔ گویا کل آیا ہوں اور آج دیکھ لیجئے آپ کے

سامنے تبلیغ کر رہا ہوں۔ جناب والا ہم تبلیغ کی طرف سے غافل نہیں ہیں"

پیر صاحب موصوف اس جواب سے خاموش تو ہو گئے مگر ان کے اعتراض میں دراصل اس حقیقت کا انکشاف تھا کہ جماعتی طور پر ہمارے تبلیغی انہماک دنیوی کاموں میں مخل ہوتے رہے ہیں، تو دنیوی انہماک تبلیغی کاموں کو ادھورا رکھتے آئے ہیں!۔ اور یہ طبعی امر ہے کہ بیک وقت دو متضاد کام پوری طرح نہیں کئے جاسکتے! اسی لئے تو باری تعالیٰ کا ارشاد "ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر" قرآن مجید میں موجود ہے۔

لہذا گزارش ہے کہ ربوہ میں صدر انجمن احمدیہ و تحریک جدید وغیرہم کے ادارے جو دینی خدمات میں ہی انہماک رہتے ہیں ان کو تو بنکنگ کے مشغلہ سے علیحدہ ہی رہنے دیا جائے ...... ایک اور لحاظ سے تو ان کو اس اسکیم میں شامل ہونے کی ضرورت بھی نہیں۔ کیونکہ ۱۹۳۲ء میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے جو "امانت فنڈ" قائم کرنے کی تحریک جاری فرمائی تھی وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایسی کامیاب ثابت ہوئی کہ ۱۹۳۶ء میں ہی خود حضور پرنور نے فرما دیا کہ "اس فنڈ سے ایسے ایسے کام ہوئے ہیں کہ جاننے والے جانتے ہیں وہ ان کی عقل کو حیرت میں ڈالنے والے ہیں" (خطبہ جمعہ "الفضل" ۲۷/۱۱/۳۶) اور یہ تحریک باقاعدہ جاری ہے پس ضرورت اس امر کی ہے کہ احباب جماعت زیادہ سے زیادہ مرکزی "امانت فنڈ" میں اپنا زائد روپیہ جمع کرانے کی عادت ڈالیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

باقی اپنی اقتصادی اور معاشرتی حالت سدھارنے کے لئے ہمارے سامنے "ابتغوا من فضل اللّٰہ" کے کئی راستے کھلے ہیں مگر اس شرط کے ساتھ کہ "واذکروا اللّٰہ کثیراً لعلکم تفلحون" (الجمعہ ع ۲) یعنی دنیا میں اللہ تعالیٰ کا فضل حاصل کرنے کے لئے خوب جدوجہد کرو مگر بکثرت ذکر الٰہی کے ساتھ کیونکہ اس عمل سے ہی ہماری فلاح و بہبود مقدر ہے۔ اس قرآنی رخصت کے پیش نظر باہمی تعاون کے اصول پر اور "کمپنیز ایکٹ" کے ماتحت، ہم بیشک پرائیویٹ کمپنیوں کی شکل میں "بلا سود بنک" کھول لیں۔ مل کر تجارتیں کریں، فیکٹریاں قائم کریں، زمینداریوں کو نئے سائنسی تجارب کے ساتھ فروغ دیں ...... اور پھر دولت پیدا کرتے ہوئے ایسی کمپنیوں کے منافع میں سے ہر سال تیسرا حصہ تبلیغ اسلام کی جملہ ضروریات کے لئے بانشراح صدر مرکز کو ادا کرتے رہیں یہ سب مستحسن و بابرکت ہوگا۔ انفرادی حیثیت میں جو صاحب چاہیں مجوزہ بنک یا کمپنیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اس طرح ہماری عام اقتصادی حالت خدا چاہے سُدھرنے لگے گی۔ اور اس کے نتیجہ میں وہ سب کچھ ربوہ میں بھی ظاہر ہونے لگے گا جس کی مخلصانہ تمنا تحقیقی مقالہ میں کی گئی ہے۔

جماعت احمدیہ کے پیش نظر ہماری متذکرہ بالا معروضات کا لب لباب یہ ہے کہ جس طرح جنگ کے دنوں میں ملک کے بہادر سپاہی اپنے افسر اعلیٰ کے زیر کمان میدان جنگ میں دشمن کے مقابل سینہ سپر ہو کر لڑتے ہیں تو اُن کے پیچھے غیر جنگی طبقہ ان کی جملہ ضروریات رسد و کمک اُن تک پہنچانے اور ان کے اہل و عیال کا پورا خیال رکھنے میں مصروف رہتا ہے اسی طرح آج دنیا کے مختلف ممالک میں جبکہ احمدی مجاہدین اپنے مرکزی نظام کے ماتحت، درویشانہ

حالات میں، مخالفینِ اسلام کے مقابل دینی جہاد میں مصروفِ عمل ہیں تو جماعت کا دوسرا طبقہ ان کے لئے رسد و کمک مہیا کرنے کا کام حتی الوسع اپنی بے لوث قربانیوں، چندوں اور وصیتوں کے ذریعہ کر رہا ہے لیکن مرکز اور مجاہدینِ تبلیغِ اسلام کے لئے وقف ہیں وہ دوسرے کاموں میں نہیں پڑ سکتے البتہ غیر مجاہدین باہمی تعاون کے اصول پر خود دل کرتے سے نئے کاموں میں ہاتھ ڈال کر اپنی آمدنیاں بڑھا سکتے ہیں اور "بلا سود بنک" اور دوسری تجارتیں بھی جاری کر کے خدمتِ سلسلہ کا کام بہتر طور پر کر سکتے ہیں۔ یہ راستے ہمارے لئے کھلے ہیں۔ آگے بڑھنے کے لئے عملی قدم اٹھانے کی ضرورت ہے ——— ربنا اتنا من لدنك رحمةً وهيّئ لنا من امرنا رشداً۔ آمین

تحقیقی مقالہ میں کچھ باتیں ایسی بھی آگئی ہیں جو ہمارے نزدیک "بے سود بنک" کی اسکیم سے نہ کوئی تعلق رکھتی ہیں اور نہ اس کی خوبی میں کوئی اضافہ کرتی ہیں۔ مثلاً انقلاب فرانس اور روسی کمیونزم نے جو مایہ پرست امراء کے خلاف بےکس عوام و غرباء میں ایک نفرت آمیز و متشددانہ مقابلہ کی رَو چلا دی ہے اس کے پیشِ نظر مقالہ میں لکھا ہے "اب مذہبی سیاسی یا اخلاقی طاقت غرباء کو مقابلہ اور زور آزمائی سے روک نہیں سکے گی جب تک ان کی مالی حالت نہ سُدھر جائے اور اُن کی ضروریاتِ حقہ پوری نہ ہوں۔" (ایضاً صد۲۶) سیاسی لحاظ سے یہ خیال درست ہو تو ہو مگر اس کے ساتھ مذہبی، اخلاقی طاقت کا ذکر ہمارے نزدیک درست نہیں ہوا کیونکہ غرباء کی مالی حالت سُدھارنے اور ضروریاتِ حقہ پوری کرنے کے لئے بھی اسلام ایک زبردست طاقت رکھتا ہے۔ سُودی لعنت کی بیخ کنی کے لئے جب اسلام کی کامل مذہبی و اخلاقی طاقت آج بھی کارگر ہو سکتی ہے، تو کیا دوسرے معاشی مسائل کے حل میں اس کی طاقت معاذ اللہ بے زور و بے اثر رہ جائیگی؟ ہرگز نہیں۔ اسلام میں ہر دُکھ و درد کا علاج موجود ہے۔ چونکہ انقلابِ فرانس و روسی کمیونزم کے اثرات ایک علیحدہ موضوع ہے، اس لئے بخوفِ طوالت ہم فی الحال اس کو نظر انداز کرتے ہیں۔

بالآخر ہم اپنے تأثر کو دوہراتے ہوئے کہ لائق مضمون نگار نے "یمحق اللّٰہ الرّبٰو و یربی الصّدقات" کے تحت جس خلوص و محنت سے سُودی نظام کے خلاف تحقیقی مقالہ سپردِ قلم کیا ہے وہ بہت قابلِ تعریف و تحسین ہے۔ یہ مکرر عرض کرتے ہیں کہ بعد نظرِ ثانی اِس مقالہ کا پمفلٹ کی صورت میں نکلنے کے بعد، نوجوان طلباء و طالبات کے لئے کتابی شکل میں بطور کورس کے شائع ہو جانا ازبس ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ زمانۂ حال و مستقبل دونوں اِس امر کے مقتضی ہیں کہ معاشرۂ عالم کو سودی لین دین سے پاک کرنے کی اسکیم زیادہ سے زیادہ پھیلے اور پھیلتی چلی جائے، حتّٰی کہ دنیا اس کی افادیت سے بخوبی آگاہ ہو جائے۔ اور پھر دینِ اسلام کے صدقہ سے سُودی لعنت سے نجات پائے۔ آمین

واٰخر دعوٰنا ان الحمد للّٰہ ربّ العٰلمین! +

حاصلِ مطالعہ

ذیل کے تین اقتباسات جناب قاری محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند کی کتاب "تعلیماتِ اسلام اور مسیحی اقوام" مطبوعہ دلّی پرنٹنگ ورکس دہلی (ذی الحجہ ۱۳۷۵ھ ہجری) سے نقل کئے جاتے ہیں۔ جن سے خاتم النبیین کے معنے اور مسیح موعود کا اصل مقام امتی نبی عیاں ہے۔ محترم قاری صاحب کی اس غلطی کے علاوہ کہ وہ مسیح اسرائیلی کے آسمانوں سے آنے کا خیال رکھتے ہیں ہم ان اقتباسات کے حرف حرف سے متفق ہیں۔ یہی احمدیت کا نقطۂ نگاہ ہے ——— (ایڈیٹر)

---

(۱) "جس طرح ملائکہ و شیاطین میں ایک ایک فرد خاتم ہے جس پر اس نوع کے تمام مراتب ختم ہو جاتے ہیں اور وہی اپنی نوع کے لئے مصدرِ فیض ہے۔ ملائکہ کے لئے جبرئیل علیہ السلام جس سے کمالاتِ ملکیت ملائکہ کو تقسیم ہوتے ہیں اور شیاطین کیلئے ابلیس لعین جس سے تمام شیاطین کو فساداتِ شیطنت تقسیم ہوتے ہیں۔ اسی طرح انبیاء و دجاجلہ میں بھی ایک ایک فرد خاتم ہے جو اپنے دائرہ میں مصدرِ فیض ہے۔ انبیاء علیہم السلام میں وہ فردِ کامل اور خاتمِ مطلق جو تمام کمالاتِ نبوت کا منبعِ فیض ہے اور جس کے ذریعہ سارے ہی طبقۂ انبیاء کو علوم و کمالات تقسیم ہوتے ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔" (صفحہ ۲۲۳-۲۲۴)

(۲) "دجالِ اعظم کا اصل مقابلہ ذاتِ بابرکاتِ نبوی سے ہے کہ آپ تمام قرونِ دنیا کے خاتمِ کمالات ہیں اور وہ خاتمِ فسادات۔ آپ عبدیت مجسم ہیں اور وہ رعونت مجسم .... اس کے عمیق دجل و فساد کا مقابلہ محض نبوت کی طاقت نہ کر سکتی جب تک کہ اس کے ساتھ خاتمیت کی بے پناہ قوت نہ ہوتی۔" (صفحہ ۲۲۶)

(۳) "اس صورت میں (یعنی آنحضرتؐ کے صدیوں باقی رکھا جانے کی صورت میں۔ ناقل) نہ امت کے کمالات کھلتے نہ ختمِ نبوت کی بے پناہ طاقت واضح ہوتی جس سے یہ واضح ہو سکتا ہے کہ ذاتِ بابرکاتِ خاتمِ مطلق کی سب سے اکمل روحانیت اور بے انتہا مکمل انسانیت جس طرح اگلوں کو فیضِ روحانیت پہنچا رہی تھی اسی طرح وہ پچھلوں میں تکمیلِ کمالات کا کام کر رہی ہے اور وہ ان محدود روحانیتوں کی مانند نہیں ہے جو دنیا میں آئیں اور گزر گئیں اور امتوں میں ان کا کوئی نقشِ قدم باقی نہ رہا لیکن پھر سوال یہ ہے کہ جب خاتم الدجالین کا اصلی مقابلہ تو خاتم النبیین سے ہے مگر اس مقابلہ کے لئے نہ حضورؐ کا دنیا میں دوبارہ

تشریف لانا مناسب، نہ صدیوں باقی رکھا جانا شایانِ شان، نہ زمانۂ نبوی میں مفت بلا ختم کرا دیا جانا مصلحت - اور ادھر اس ختمِ دجالیت کے استیصال کے لئے چھوٹی موٹی روحانیت تو کیا بڑی سے بڑی ولایت بھی کافی نہ تھی - عام مجددین اور اربابِ ولایت اپنی پوری روحانی طاقتوں سے بھی اس سے عہدہ برآ نہ ہو سکتے تھے جب تک کہ نبوت کی روحانیت مقابل نہ آئے بلکہ محض نبوت کی قوت بھی اس وقت تک مؤثر نہ تھی جب تک کہ اس کے ساتھ ختمِ نبوت کا پاور شامل نہ ہو تو پھر شکستِ دجالیت کی صورت بجز اس کے اور کیا ہو سکتی تھی کہ اس دجالِ اعظم کو نیست و نابود کرنے کے لئے اُمت میں ایک ایسا خاتم المجددین آئے جو خاتم النبیین کی غیر معمولی قوت کو اپنے اندر جذب کئے ہوئے ہو اور ساتھ ہی خاتم النبیین سے ایسی مناسبتِ تامہ رکھتا ہو کہ اس کا مقابلہ بعینہٖ خاتم النبیین کا مقابلہ ہو - مگر یہ بھی ظاہر ہے کہ ختمِ نبوت کی روحانیت کا انجذاب اسی مجدد کا قلب کر سکتا تھا جو خود بھی نبوت آشنا ہو - محض مرتبۂ ولایت میں یہ تحمل کہاں کہ وہ درجۂ نبوت کی بھی برداشت کر سکے چہ جائیکہ ختمِ نبوت کا کوئی انعکاس اپنے اندر اُتار سکے نہیں بلکہ اس انعکاس کے لئے ایک ایسے نبوت آشنا قلب کی ضرورت تھی جو فی الجملہ خاتمیت کی شان بھی اپنے اندر رکھتا ہو - تاکہ خاتمِ مطلق کے کمالات کا عکس اس میں اُتر سکے اور ساتھ ہی اس خاتمِ مطلق کی ختمِ نبوت میں فرق بھی نہ آئے - اس کی صورت بجز اس کے اور کیا ہو سکتی تھی کہ انبیاء سابقین میں سے کسی نبی کو جو ایک حد تک خاتمیت کی شان رکھتا ہو اس اُمت میں مجدد کی حیثیت سے لایا جائے جو طاقت تو نبوت کی لئے ہوئے ہو مگر اپنی نبوت کا منصبِ تبلیغ اور مرتبۂ تشریع لئے ہوئے نہ ہو بلکہ ایک اُمتی کی حیثیت سے اس اُمت میں کام کرے اور خاتم النبیین کے کمالات کو اپنے واسطے سے استعمال میں لائے مگر جیسا کہ اس ہی کو حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک مخصوص توافق و تشابہ کی نسبت حاصل ہو تاکہ کمالاتِ خاتمیت جذب کر سکے وہیں دجالِ اعظم کے ساتھ اسے تضاد اور تقابل کی بھی وہی مخصوص نسبت حاصل ہو جو حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے تھی کیونکہ اس سے کامل مقابلہ تو نسبتِ تضاد کے کمال سے ممکن ہے اور اس کامل مقابلہ میں حضورؐ کی کامل نمائندگی اس سے ہے کہ اس نسبتِ تضاد میں حضورؐ کے ساتھ مشابہت بھی کامل رہے ۔"

(کتاب تعلیماتِ اسلام اور مسیحی اقوام صفحہ ۲۲۸-۲۳۰) ◆

سرگودھا میں عیسائیوں سے گفتگو

(جناب سید احمد علی صاحب فاضل مربی سلسلہ احمدیہ)

۲۵ مارچ ۱۹۶۳ء کو خاکسار ایک دوست کی معیت میں منڈی مویشیاں دیکھنے گیا۔ وہاں پر عیسائیوں کا تبلیغی کیمپ اور بک سٹال تھا۔ میں کتابیں دیکھنے لگا تاکہ ضرورت کی کتاب خرید سکوں۔ ایک عیسائی نے بعض کتابیں خریدنے کی مجھے تحریک کی جو اتفاق سے میرے پاس موجود تھیں اسلئے انہوں نے مجھے کچھ ٹریکٹ دیئے۔ میں نے بھی "محمد کا رسول"۔ "مسیح کی عزت کرنا سب کا فرض ہے" اور "کیا موجودہ اناجیل الہامی ہیں؟" وغیرہ رسائل ان کو دیئے۔ اور پھر ایک عیسائی وکٹر نامی نے جو بھیرہ کے ہیں مجھے اندر لے جاکر کرسی پر بٹھایا اور بات چیت ہونے لگی۔ میں نے پوچھا کہ تحریف بائیبل کے متعلق آپ کا نظریہ کیا ہے؟

وکٹر صاحب:۔ پادری برکت اللہ صاحب نے "صحت کتب مقدسہ" میں اس کا جواب دیا ہے وہ پڑھیں۔ یہ صرف ترجمہ کا فرق ہے جیسا کہ مسلمانوں میں بھی قرآنی تراجم کا فرق موجود ہے۔

احمدی:۔ مسلمانوں کے فرقوں میں قرآن کریم کے متن میں قطعاً کوئی فرق اور اختلاف نہیں۔ سب کا مطبوعہ قرآن ۳۰ پاروں پر مشتمل ہے مگر عیسائیوں کے مشہور دو فرقوں کی بائیبل کی کتب کی تعداد میں بھی چھ سات کا فرق ہے اور آیات میں جو اختلاف آپ کے ہاں ہے وہ مزید برآں ہے۔ مثلاً:۔

۱۔ استثناء باب ۳۳ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں حضرت موسیٰؑ کی پیشگوئی کو مشتبہ اور مخفی کرنے کے لئے الفاظ "۱۰ ہزار قدوسیوں" کو بدل کر اب کہیں "لاکھوں قدوسیوں" اور کہیں "کروڑوں" اور کہیں "ہزاروں ہزار" کے الفاظ کر دیئے گئے ہیں۔

۲۔ یہورام بادشاہ کی نسبت لکھا ہے کہ وہ ۳۲ سال کی عمر میں بادشاہ ہوا اور ۸ سال حکومت کر کے فوت ہو گیا جبکہ اس کی کل عمر ۴۰ سال تھی۔ اسی وقت اس کی جگہ اس کا سب سے چھوٹا بیٹا اخزیاہ نامی تخت پر بیٹھ گیا۔ اس کی عمر ۴۲ سال تھی (۲۔ تواریخ باب ۲۱، ۲۲) اب یہ سراسر خلاف عقل بات ہے کہ بیٹا اپنے باپ سے ۲ سال بڑا ہو۔ اور ابھی تو یہ چھوٹا بیٹا تھا نہ معلوم اس کے بڑے بیٹے اپنے باپ سے کس قدر پہلے پیدا شدہ ہوں گے؟

اس موقعہ پر مسٹر وکٹر نے میرے دکھانے پر بائیبل

سے اصل عبارت دیکھی اور اس پر غور کرنے کا وعدہ کیا۔

اس کے بعد میں نے اجازت لی اور اُٹھ کر باہر نکلنے لگا تو میں نے ایک عیسائی کو ایک مسلمان سے گفتگو کرتے پایا کہ صرف مسیح بغیر باپ کے پیدا ہونے کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ ہے جو دنیا کی نجات کے لئے صلیب پر مر کر کفارہ ہوا۔ میں یہ فقرہ سُن کر رُک گیا اور اس مسلمان نے جواب دینے کے لئے مجھے اپنے پاس بٹھا لیا۔ چنانچہ میں نے عیسائی دوست سے اجازت لے کر بات چیت شروع کر دی۔ میں نے کہا:-

احمدی:- کیا بغیر باپ کے پیدا ہونا بھی کوئی خاص خوبی اور خاص وجہ فضیلت ہے؟ اس صورت میں تو تمام کیڑے مکوڑے، سانپ، بچھو، چرند، پرند اور تمام حیوانات کا جو پہلا جوڑا ابتدائے مخلوق میں بغیر ماں باپ کے پیدا ہوا تھا وہ سب کے سب اعلیٰ و افضل قرار پائیں گے۔ اور ملک صدق سالم کو بھی مسیح پر برتری حاصل ہوگی وہ کیوں کفّارہ کے لئے نہ چُنا گیا؟ جس کا ذکر آپ کی مسلّمہ انجیل میں یہ ہے کہ:-

۱۔ وہ "خدا تعالیٰ کا کاہن" تھا (عبرانی ۷ : ۱)

۲۔ وہ "ہمیشہ کاہن" تھا۔

۳۔ ملک صدق کو "راستبازی کا بادشاہ" لکھا ہے (عبرانی ۷ : ۲)

۴۔ مزید لکھا ہے ملک صدق "صلح کا بادشاہ" بھی تھا (عبرانی ۷ : ۲)

۵۔ "بے ماں" "بے باپ" ہونے کے وصف میں ملک صدق اور مسیح دیگر چرند و پرند اور حیوانات کی طرح برابر ہیں مگر ساتھ ہی یہ بھی لکھا ہے کہ ملک صدق "بے ماں" کے تھا۔ گویا وہ بھی آدم کی طرح مسیح سے اعلیٰ و افضل ٹھہرا۔

۶۔ متی اور لوقا کی اناجیل میں "مسیح کا نسبنامہ" درج ہے مگر ملک صدق تو "بے نسبنامہ" تھا (عبرانی ۷ : ۳)

۷۔ مسیح کی زندگی مریم کے ہاں پیدائش سے شروع ہوئی اور صلیبی موت سے اس کی زندگی کا آخر بھی ہو گیا مگر ملک صدق کے متعلق لکھا ہے کہ "نہ عمر کا شروع نہ زندگی کا آخر" (عبرانی ۷ : ۳) گویا ملک صدق ہر لحاظ سے مسیح سے اعلیٰ و افضل تھا۔ پھر اسے کیوں کفارہ کے لئے نہ چُنا گیا؟

عیسائی:- مسیح معصوم تھا اور باقی نبی گنہگار۔

احمدی:- گو ہم مسلمان تمام انبیاء کو بموجب تعلیم قرآن بے گناہ اور معصوم جانتے اور مانتے ہیں مگر آپ کی موجودہ بائیبل سے تو مسیح کی معصومیت ثابت نہیں ہوتی۔

عیسائی:- آپ کس فرقہ کے ہیں؟ اگر احمدی اور قادیانی ہیں تو آپ مسلمان نہیں کیونکہ دوسرے مسلمان آپ کو مسلمان نہیں جانتے۔ اسلئے ہم آپ سے بات نہیں کرتے۔

احمدی:- آپ کو بھی تو کیتھولک فرقہ کے عیسائی کافر او مرتد کہتے ہیں اسلئے آپ عیسائی نہ ہوئے۔ آپ بھی اپنے عیسائی ہونے پر پہلے کیتھولک فرقہ کی تصدیق و سند پیش کریں اور پھر بات کریں۔

عیسائی :۔ ہم سب انجیل کو مانتے ہیں۔

احمدی :۔ ہم سب مسلمان بھی قرآن کریم کو مانتے ہیں۔

اس موقعہ پر مسٹر ہیکٹر نے مجھے کہا آپ خیمہ کے اندر آکر باتیں کریں۔ چنانچہ نہ صرف میں اور وہ مسلمان دوست بلکہ بہت سے دیگر عیسائی اور مسلمان بھی جو وہاں کھڑے دلچسپی سے باتیں سن رہے تھے سب کے سب اندر آکر بیٹھ گئے اور پھر گفتگو سننے لگ گئے۔

احمدی :۔ آپ نے مسیح کو بے گناہ کہا ہے حالانکہ موجودہ انجیل میں "مسیح کے نسبنامہ" میں ان کی کئی دادیاں نانیاں بدکار بتائی گئی ہیں اور کتاب استثناء (۲۳/۲) کے رُو سے ایسی نسل سے پیدا ہونے والا ہرگز نیک نہیں قرار پا سکتا اور لوقا باب میں ہے کہ جب مسیح کھانا کھانے بیٹھا تھا تو ایک بدکار عورت نے مسیح کے پیچھے کھڑی ہو کر مسیح کے پاؤں اپنے سر کے بالوں سے پونچھے اور ان کے پیر چومے۔ نیز شاید آپ کو معلوم نہیں کہ مسیح نے تو اپنے نیک ہونے سے انکار کیا ہے۔ (متی ۱۹/۱۷) اور آپ ان کو نیک و بے گناہ بتا رہے ہیں۔

عیسائی :۔ اس طرح کے اعتراض تو ہر شخص پر کئے جا سکتے ہیں۔ ہم بھی کر سکتے ہیں۔

احمدی :۔ میرا اعتراض مسیح نبی اللہ پر نہیں بلکہ آپ کی کتاب پر ہے جو اُن کو گنہگار ثابت کرتی ہے۔ ہم تو انہیں دوسرے انبیاء کی طرح معصوم ہی مانتے ہیں۔

علاوہ ازیں آپ کا یہ فرمانا بھی درست نہیں کہ مسیح صلیب پر مر کر کفارہ ہو گیا۔ اس طرح تو یہودی سچے اور مسیح (معاذ اللہ) جھوٹے اور لعنتی قرار پاتے ہیں کیونکہ لکھا ہے جسے پھانسی ملتی ہے وہ لعنتی ہوتا ہے (استثناء ۲۱/۲۲) یہ عقیدہ خلاف بائیبل بھی ہے کہ گناہ کوئی کرے اور سزا کسی اور کو دی جائے۔ (حزقیل ۱۸/۲، یرمیاہ ۳۱/۲۹) بیمار کوئی ہو اور دوائی کسی اور کو دی جائے۔ پھر بے گناہ اور بے قصور کو بلا وجہ سزا دینا تو صریح ظلم ہے نہ کہ عدل و انصاف۔ ہاں یہ بھی بتائیے کہ کفارہ کی ضرورت کیا تھی؟ جبکہ لکھا ہے کہ "میں قربانی نہیں بلکہ رحم پسند کرتا ہوں" (ہوسیع ۶/۶) پھر خدا نے رحم کو چھوڑ کر قربانی اور سزا کیوں پسند کی؟ کیا کتابِ مقدس کا یہ بیان صحیح ہے یا غلط؟

عیسائی :۔ شریعت میں لکھا ہے کہ ہمیشہ قربانی ہوتی رہی اور نبی قربانی کرتے رہے۔

احمدی :۔ مجھے بھی دکھائیں یہ کہاں لکھا ہے کہ مسیح کی طرح کفارہ کے لئے کسی نبی کو بطور سزا قربانی کیا گیا تھا؟

عیسائی :۔ ہم انجیل کو مانتے ہیں۔

احمدی :۔ ہوسیع نبی کی کتاب کا یہ مضمون انجیل میں بھی ہے کہ "میں قربانی نہیں بلکہ رحم پسند کرتا ہوں" (ملاحظہ ہو متی ۹/۱۳، ۱۲/۷) یا تو کتابِ مقدس کا یہ بیان غلط ہے یا مسیح کا صلیب پر مرنا۔ قربان اور کفارہ ہونا غلط ہے۔

عیسائی :۔ مسیح یقیناً مصلوب ہو کر کفارہ ہوا۔

احمدی :۔ آپ سخت بھول میں ہیں۔ اگر مسیح کفارہ ہونے

کے لئے آئے تھے تو وہ کیوں چھپتے اور بھیس بدلکر پھرتے تھے؛ (متی ۲۶/۲۰ ، ۲۶/۱۵ ، مرقس ۱۴/۲ ، یوحنا ۹/۵)

صاف ظاہر ہے کہ مسیح صلیبی موت پر ہرگز راضی نہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ نہایت درد سے رو رو کر یہ دعا کرتے اور حواریوں سے بھی کراتے تھے کہ "اے باپ! اگر ہو سکے تو یہ پیالہ مجھ سے ٹل جائے" (متی ۲۶/۳۹) میں پوچھتا ہوں کہ مسیح کی یہ دعا قبول ہوگئی یا نہیں؟ اگر مسیح کی یہ دعا سنی گئی تو مسیح صلیب پر نہیں مرا نہ کفارہ ہوا۔ اور اگر یہ دعا قبول نہ ہوئی تھی تو مسیح گنہگار ٹھہرا کیونکہ لکھا ہے کہ "خدا گنہگاروں کی نہیں سنتا" (یوحنا ۹/۳۱ ، امثال ۱۵/۲۹) اور آپ کو تسلیم ہے کہ گنہگار کفارہ نہیں بن سکتا۔

غرضیکہ ہر دو صورتوں میں کفارہ رد ہوگیا۔

عیسائی: سب مسلمان یہ مانتے ہیں کہ مسیح زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا۔ کیا تم احمدی بھی یہ مانتے ہو؟

احمدی: گفتگو مسئلہ کفارہ پر ہے نہ کہ جسمانی طور پر آسمان پر اٹھائے جانے کے موضوع پر۔ آپ کی انجیل کے رو سے بھی مسیح کا جسم عنصری کا آسمان پر جانا ثابت نہیں ہوتا۔ متی اور یوحنا انجیل نویس حواری تھے (متی ۱۰/۲-۴) اور وہی مسیح کے حالات سے زیادہ واقف ہو سکتے تھے مگر انہوں نے کہیں اپنی انجیل میں یہ نہیں لکھا کہ مسیح آسمان پر اٹھا لیا گیا بلکہ یہ لکھا ہے کہ مسیح نے کہا:۔

"آسمان پر کوئی نہیں چڑھا سوا
اس کے جو آسمان سے اترا یعنی
ابن آدم جو آسمان میں ہے۔"
(یوحنا ۳/۱۳)

عیسائی:۔ قرآن میں لکھا ہے کہ مسیح آسمان پر اٹھایا گیا۔

احمدی:۔ آپ قرآن کریم میں سے حضرت مسیحؑ کے ذکر میں آسمان کا لفظ دکھائیں۔ نیز بات تو مسیح کی [illegible] کفارہ مسیح، اور صلیبی موت پر ہو رہی تھی مگر اس بارہ میں آپ میری باتوں کا کچھ جواب نہیں دے رہے۔ مسیحؑ نے متی باب ۱۲ میں یونسؑ نبی کی طرح کا نشان دکھانے کا وعدہ کیا تھا جس کا یہی مطلب تھا کہ یونسؑ کی طرح مجھ پر بھی موت کے اسباب جمع ہوں گے مگر یونس کی طرح مجھے بھی مرنے سے بچایا جائے گا اور میری موت واقع نہ ہوگی۔ بعد میں یونس کی طرح زندہ ہی قبر میں رکھا جاؤں گا اور پھر زندہ ہی نکل کر اپنی قوم کی طرف جاؤں گا اور میری قوم بھی یونس کی طرح میری آواز پر لبیک کہے گی۔ اگر مسیح صلیب پر مر گئے تھے تو یونس نبی سے مسیح کی کوئی مشابہت نہیں رہتی اور یہ نشان باطل ٹھہرتا ہے۔

مسٹر وکر نے جب دیکھا کہ ہمارے دلائل کا ان سے جواب بن نہیں آتا اور مسلمانوں بلکہ عیسائیوں پر بھی اثر پڑ رہا ہے تو انہوں نے مجھ سے منت کر کے کہا کہ اب یہ گفتگو ختم کر دی جائے۔ اس پر یہ مکالمہ ختم ہو گیا اور تمام مسلمان خوش اور ہشاش بشاش تھے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین +

ایک غیر از جماعت دوست کا نوٹ

الفرقان کے "عیسائیت نمبر" پر تبصرہ

(از جناب محمد اسلم صاحب رانا جنرل سیکرٹری مرکز تحقیق مسیحیت - اچھرہ، لاہور)

فی زمانہ برصغیر پاک و ہند میں شاید ماہنامہ "الفرقان" ربوہ کو ہی مسیحیت کا پول کھولنے کا خصوصی شرف حاصل ہے۔ گویا اس لحاظ سے محترم ابو العطاء صاحب بانیٔ فرقۂ احمدیہ کے مشن کی اصل غرض و غایت پورا کر رہے ہیں۔ زیر تبصرہ شمارہ "عیسائیت نمبر" بابت اکتوبر نومبر ۱۹۶۲ء میں عیسائیت سے متعلق فاضل احمدی علماء کی نگارشات درج ہیں۔ اداریہ میں موجودہ عیسائیت اور اسلام کے بارہ عقائد کا مختصر موازنہ کر کے خوبصورتی سے واضح کیا گیا ہے کہ مسیحیت اور اسلام دو بالکل جداگانہ مذاہب ہیں۔ نیز یہ کہ صحیح مسیحیت سے قرآن مجید کو بنیادی طور پر کوئی اختلاف نہیں بلکہ اسلام اس حقیقی عیسائیت کا مصدق اور اس کی تکمیل کرنے والا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تورات و انجیل کی پیشگوئیوں کے مطابق ظاہر ہونے والے النبی الامی ہیں لیکن بات یہ ہے کہ عیسائیت حضرت مسیح کے بعد اپنی اصلیت پر قائم نہ رہی۔" پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب نے استثناء ۱۸ : ۱۸ والی پیشگوئی کے متعدد پہلوؤں کا جائزہ لے کر اچھی طرح ثابت کیا ہے کہ یہ بشارت صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پوری ہوئی ہے۔

مسیحی عقیدہ کے مطابق مسیح ایک برہ تھا جس نے بنی نوع انسان کے گناہ اٹھا کر صلیب پر جان دی۔ ملک محمد مستقیم صاحب ایڈووکیٹ نے اپنے مضمون میں از روئے بائیبل قربانی کی حقیقت پر روشنی ڈال کر تفصیل سے سمجھایا ہے کہ "خدا کا برہ" مسیح، قربانی کے برے کی مطلوبہ صفات سے محروم تھا۔ صاحبِ مضمون یہ ثابت کرنے میں کامیاب رہے ہیں کہ حضرت مسیح کا خدا کی جانب سے انسانیت کی خاطر قربان ہونا بعید از عقل ہے۔

گیانی واحد حسین نے مروجہ انجیل کے اقتباسات سے وضاحت کی ہے کہ حضرت مسیح صرف بنی اسرائیل کی ہدایت و رہنمائی کے واسطے مبعوث ہوئے تھے۔ بہتر ہوتا کہ گیانی صاحب اس سلسلہ میں اپنے تحقیقی قلم کو پادری صاحبان کی تاویلات کے جواب میں جنبش دیتے۔

مولوی محمد اجمل صاحب نے جناب مرزا غلام احمد کے دعویٰ "یہ مذہب جو عیسائی مذہب کے نام سے شہرت دیا جاتا ہے دراصل پولوسی مذہب ہے نہ مسیحی" کی عمدگی سے

تشریح کی ہے کہ پولس کی رہنمائی میں دینِ عیسوی اپنے صحیح موقف سے ہٹ کر مصلحت بینی کی وادی کو مڑ گیا اور نتیجتاً اس کی مسخ شدہ صورت سامنے ہے۔ مولوی محمد اعظم نے مستند مسیحی علماء کے اقتباسات سے تصریح کی ہے کہ بائیبل کی الہامی حیثیت خود مسیحی علماء کے نزدیک بھی مشکوک ہے۔

مرزا طاہر احمد صاحب کا انیس صفحات پر پھیلا ہوا مفکرانہ مقالہ "موجودہ عیسائیت عقل کی کسوٹی پر" اس شمارہ کی جان ہے۔ موصوف نے عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت مسیح کی حیاتِ طیبہ بیان کر کے گناہ کے بارے میں مسیحی نظریہ کا تجزیہ کیا ہے۔ فاضل مقالہ نگار نے ایک حق پرست کی حیثیت سے علمی اور عقلی طور پر جائزہ لیا ہے کہ انسان کا موروثی طور پر گنہگار ہونا بنی نوع انسان کو اس کے گناہ سے نجات دلانے کے لئے خدا کے بیٹے مسیح کا مصلوب ہونا اور انسان کا انسان کو نجات دلوانے کے ناقابل ہونے کے عیسائی معتقدات کو عقلِ سلیم سے دُور کا بھی تعلق نہیں ہے۔ آپ نے ہلکے پھلکے اور دلنشین انداز میں ان مسائل پر مناسب تفصیلات سے بحث کی ہے۔

مسیحیوں سے تبلیغی گفتگو کے دوران استعمال ہونے والے مفید حوالجات درج ہیں۔ امیر جماعت احمدیہ کوئٹہ سے پادری عبدالقیوم صاحب ڈائریکٹر اسلامک سٹڈیز تھیولاجیکل سیمنری گوجرانوالہ کی عہد شکنی کی سرگزشت زینتِ مجلہ ہے۔ شیخ عبدالقادر صاحب نے انسائیکلو پیڈیا آف ورلڈ آرٹ کا انکشاف پیش کرنے پر ہی اکتفا کیا ہے۔ کسی مسیحی عقیدہ پر شیخ صاحب ایسے ریسرچ سکالر کی طبع آزمائی قارئین کے لئے شاید زیادہ مفید ہوتی۔

پادری عبدالحق صاحب کے نام مدیر الفرقان کی کھلی چھٹی میں انہیں صلیبی موت اور آمدِ ثانی پر تحریری مناظرہ کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔

مفید مطلب نظموں اور دیگر متعدد مضامین کی موجودگی نے پرچہ کی اہمیت کو بڑھا ہے۔"

بنگلہ سے ترجمہ

بترجمہ مصلح الدین بنگالی بی۔اے

"احمدیہ تحریک"

"مشرقی پنجاب میں قادیان نامی ایک گاؤں کے باشندے مرزا غلام احمد اس تحریک کے بانی ہیں۔ اِس دَور میں ہندوستان میں مذہبی تحریکوں میں سے اس کا اثر سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ ہندوستان کے باہر دنیا کے مختلف گوشوں میں اس تحریک کے مبلّغین اپنی زندگیوں کو اسلام کی اشاعت و تبلیغ کی خاطر وقف کئے ہوئے ہیں۔ مشرقی پاکستان میں اس تحریک کا مرکز بمقام برہمن بڑیہ ضلع ترپورہ میں ہے ـــ اس تحریک کے پیرو ترقی پسند اور اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ زیادہ ہیں اسلئے انگریزی تعلیمیافتہ طبقہ میں اس تحریک کا اثر و رسوخ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ ان لوگوں کے چند عقیدے اگرچہ انکو اسلام کے بنیادی عقیدوں کے خلاف کہنا ٹھیک نہیں وہ ان کی سائنٹیفک تشریح کرتے اور نئے براہین کے ساتھ دنیا میں پیش کرتے ہیں جن سے انکی عظیم کوشش مغرب و مشرق کے عیسائیوں کو مسلمان بنانا ہے۔" (حوالہ از کتاب "مشرقی پاکستان میں اسلام" مصنفہ ڈاکٹر انعام الحق صاحب، ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ بنگلہ راجشاہی یونیورسٹی)

رشید قیصرانی

اِک دیپ جلا اندھیاروں میں

اِک دیپ جلا اندھیاروں میں
ظلمات کے بھرے سینوں سے
اِک چیخ اُٹھی اِک شور مچا
یہ روپ سروپ اندھیاروں کا
برسوں سے قائم دائم ہے
یہ کس کی جرأت کس کا دم؟
یہ کون ہماری نگری میں!
ظلمات کا دامن نوچتا ہے
صدیوں کی سوئی دھرتی پر
یہ کون اُجالے پھینکتا ہے؟

بے خوف و خطر
چپکے چپکے
تنہا تنہا
وہ دیپ مگر جلتا ہی رہا

یہ دیکھ کے ظلمت گاہوں سے
کچھ زہر بھرے اژدر نکلے
کچھ سانپ سپولے در آئے
کچھ تند ہوائیں چیخ اُٹھیں

کچھ تیز بگولے لہرائے

(اور)

ظلمات کی ساری سینائیں
اِک تنہا دیپ پہ ٹوٹ پڑیں

کچھ پروانوں نے اتنے میں
اُس دیپ پہ گھیرا ڈال لیا
یہ پروانے لاچار بھی تھے
کمزور نحیف و زار بھی تھے
یہ دیپ کی رکھشا کی خاطر
وہ جان ہتھیلی پر رکھ کر
طوفان کے مُنہ میں کُود پڑے
کچھ پار لگے کچھ ڈوب گئے
یلغار سے پروانوں کی مگر
طوفان کے چھکے چھوٹ گئے

اتنے میں کچھ بیراگی بھی
قندیل جلانے آ پہنچے
وہ دیپ جو تنہا جلتا تھا
اُس دیپ سے لاکھوں دیپ جلے
ظلمات کا سینہ چاک ہُوا
دم ٹوٹ گیا اندھیاروں کا

ایک ایمان افروز تجزیہ

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

جنگِ بدر

(از جناب ملک محمد مستقیم صاحب ایڈووکیٹ منٹگمری)

(۲)

۵۔ مقامِ بدر

بدر ایک گاؤں ہے۔ جو ینبوع بندرگاہ سے دو دن کے راستہ پر واقع ہے۔ مدینہ سے چار دن اور مکہ سے دس دن کے فاصلہ پر ہے۔ عموماً ایک دن میں قافلہ ۲۰ میل سفر طے کرتا ہے، اس طرح مدینہ سے بدر ۸۰ میل اور مکہ سے ۲۰۰ میل پر آباد ہے۔ تجارتی شاہراہ شام کو جانے والی بدر کے قلب سے گزرتی ہے۔ بدر میں پانی کے چشمے اور کھجوروں کے باغات ہیں جہاں قافلے عموماً ٹھہرتے ہیں۔ پانی لینے اور خوراک کے حاصل کرنے کی اچھی جگہ ہے۔ یہ گاؤں پیچ در پیچ گھاٹیوں کے دہانہ پر بسا ہوا ہے۔ یہاں تمام مسافر آرام کرتے ہیں اور آئندہ سفر کی تیاری کرتے ہیں۔ جنگِ عظیم میں عربوں نے ترکوں کو اسی مقام پر شکست دی تھی۔ عرب حملہ آور بدر کی پہاڑیوں میں چھپ جاتے تھے اور بار بار حملہ کرتے تھے اور ناواقف ترک علیحدہ علیحدہ اُن کا تعاقب نہ کر سکتے تھے اور بدر کی اہمیت کو جانتے ہوئے عربوں نے درّہ بدر پر قبضہ کر رکھا تھا اور قافلوں کا ٹھہراؤ یہاں یقینی تھا اس لئے جب ترک سپاہ یہاں خیمہ زن ہوئی اور مقابلہ کرنا پڑا تو اُن کے قدم اُکھڑ گئے۔ مکہ سے چلنے والا ہر قافلہ خواہ وہ تجارت کیلئے نکلا ہو یا جنگ کے لئے اس کا مقامِ بدر سے گزرنا لازمی تھا۔ صحرائی زندگی میں پانی اور کھجور کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس کے بغیر زندگی محال ہے۔

یہاں سلسلۂ کوہ کچھ اِس طرح واقع ہوا ہے کہ دو رویہ پہاڑوں کی بلند دیواریں کھڑی ہیں اور وسط میں میدان ہے۔ ریتلی زمین اور سنگلاخ سطح ہے۔ کافی وسیع ہے۔ دونوں اطراف میں وادی کھلتی ہے۔ جس سے درّہ کی شکل بن گئی ہے۔ رہنما کے بغیر ان راستوں کو عبور کرنا دشوار ہے لیکن اِس مقام پر پانی کی موجودگی بہت بڑی کشش کا باعث ہے۔ اب چونکہ ہر منزل پر پانی دستیاب ہے، موٹریں اور ہوائی جہاز چل نکلے ہیں اس لئے اب جو سڑک جدّہ اور مدینہ کو ملاتی ہے اس سے بدر ایک طرف ہٹا ہوا رہ جاتا ہے۔ قافلے

بدر کی منزل سے نہیں گزرتے۔ ینبوع تک ساحل سمندر کے ساتھ ساتھ سفر کرتے ہیں اور پھر وسطی حجاز میں پہاڑوں میں داخل ہو جاتے ہیں لیکن بدر کا راستہ اب بھی چھوٹا راستہ اور تھوڑا فاصلہ ہے مگر اب تو اونٹوں کے قافلے بھی اُدھر نہیں جاتے۔ اُس زمانہ میں بدر نہایت اہم مقام تھا۔ بدر کے معنی **چاند** کے ہیں، اس چاند کا ذکر آگے آئے گا۔

جنگِ بدر کے اسباب

کہا جاتا ہے کہ اہلِ مکّہ کا تجارتی قافلہ شام سے واپس لوٹ رہا تھا۔ ابوسفیان اس کا قائد تھا۔ چونکہ اس کا گزر مدینہ کے قرب سے ہونا تھا اس لئے اُسے خدشہ تھا کہ کہیں مسلمان مداخلت نہ کریں اور قافلہ کو نقصان پہنچے۔ اس نے بغور پیش بندی اور افواہوں کی بنا پر ایک قاصد کو تیز رفتار سواری سے جانبِ مکّہ روانہ کیا کہ وہ رؤسائے مکّہ سے امداد و حفاظت کی درخواست کرے چنانچہ اس نے مکّہ کے چوک میں ننگا سر کر کے دامن چاک کیا اور امداد کیلئے پکار کی۔ سردارانِ قریش نے دریافت کیا تو اُن کو یہ حیلہ ہاتھ آ گیا۔ انہوں نے فوراً لشکر بندی کا حکم دیدیا اور تمام قبائلِ مکّہ سے شرکت کے لئے افراد طلبی کی۔ ابوجہل اس کام میں سب سے اوّل تھا اور سرگرم بھی۔ اس نے لوگوں کو نہ تو سوچنے کا موقعہ دیا اور نہ مشورہ لیا۔ ابوجہل کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خصوصاً اور مسلمانوں سے عموماً ذاتی عناد تھا۔ مگر دوسرے سردار بھی اسلامی ترقی کی روح فرسا خبروں سے آتشِ غضب میں جل رہے تھے فوراً تیار ہو گئے۔ ابوسفیان عتبہ سردارِ مکّہ کا داماد تھا اور اس کی بیوی ہندہ مکّہ میں موجود تھی اقرباء اور رشتہ داروں کا امداد طلبی پر باہر نکلنا اہلِ عرب کا پرانا رواج تھا۔

دوسرے اِس قافلہ کے اموال میں تمام اہلِ مکّہ کی مشارکت تھی۔ آئندہ گزر اوقات کی اُمید فقط اس متاع پر تھی۔ اگر یہ قوت ہاتھ سے نکل جاتی تو قحط لازمی تھا۔ یہ بہت بڑی وجہ بیان کر کے سردارانِ مکّہ نے لوگوں کو شمولیت کی ترغیب دی تھی۔ اور تشکیلِ جیش میں سب کا حصّہ لینا ضروری تھا۔ چنانچہ ان لوگوں کو جو مسلمانوں کے ہمدرد تھے اور جنگ میں شریک نہیں ہونا چاہتے تھے مجبوراً ہمراہ چلنا پڑا۔

اصل وجہ یہ قافلہ نہ تھی، یہ تو ایک ضمناً بہانہ بن گیا تھا ورنہ اس کے علاوہ وہ تمام بارہ وجوہات تھیں جو مَیں نے "اہلِ مکّہ پر ہجرت کے اثرات" میں لکھی ہیں۔ وہ تو تیار تھے، نکلنا چاہتے تھے، لڑنا چاہتے تھے مگر قوم کو آمادہ کرنے کے لئے باعث اور مقصد کوئی نہ تھا۔ اور اس قدر دُور مقام پر جا کر اپنی ہی قوم کے افراد سے جنگ مول لینا آسان کام نہ تھا اس لئے جواز کی صورت کی تلاش تھی، جو اُنہیں آمدِ قافلہ کی خبر سے مل گئی۔

قافلہ ابوسفیان کی قیادت میں سفر کر رہا تھا جو عرب کی چپّہ چپّہ زمین سے واقف تھا اس کے لئے مدینہ سے پرے ہٹ کر نکل آنا کچھ مشکل نہ تھا۔ چنانچہ قافلہ کو ۸۰ میل تک مسلمانوں کی شکل تک نظر نہ آئی۔ قافلہ تجربہ کار جنگجو لوگوں پر مشتمل تھا اس لئے مسلمانوں سے اُن کو خوف کی کوئی وجہ نہ تھی اور اہلِ مدینہ سے ان کی رنجش نہ تھی۔ جبکہ اہلِ مدینہ میں یہود اور منافق بھی موجود تھے،

اِس امر کا امکان بہت کم تھا۔

اہلِ مکّہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کے چلن اور نیک اطوار اور ہمدردیٔ قوم سے بخوبی واقف تھے۔ اگر مکّہ والوں کا خون حضور کے لئے سفید ہو گیا تھا تو آپؐ کے اخلاقِ فاضلہ میں تو کوئی کمی واقع نہ ہوئی تھی۔ وہ جانتے تھے کہ مکّہ کی حالت سے حضورؐ اچھی طرح آگاہ ہیں۔ تجارت کے لئے حضورؐ خود شام تشریف لے جا چکے تھے اور آپؐ کو معلوم تھا کہ مکّہ کے غرباء، یتامیٰ، بیوگان، مساکین اور دوسرے مستحق لوگوں کا مال شامل ہے جس کے منافع پر اُن کی گزران منحصر ہے۔ تو وہ کس طرح گمان کر سکتے تھے یا انہوں نے گمان کر لیا کہ حضورؐ اب اِس مال پر ہاتھ ڈالیں گے یا ڈالنے کی کوشش کریں گے جس کی خاطر آپ ہمیشہ مکّہ میں وعظ کرتے رہے اور خود لوگوں میں تقسیم کرتے تھے۔ اور غلاموں کو آزاد کرتے تھے۔ بلکہ آپ کی کوشش تھی تو یہی کہ یہ قافلہ ضرور بخیریت مکّہ پہنچ جائے لشکرِ کفّار سے نہ مل سکے اور آپ لشکر کے ساتھ ساتھ پس پردہ تعاقب کر رہے تھے۔ چنانچہ ایک جگہ جب ابوسفیان نے جانوروں کو پانی پلایا تو وہاں تازہ نشان اونٹ کے پاؤں کے دیکھے تو وہاں سے اونٹ کی مینگنی اٹھا کر توڑی اس میں کھجور کی گٹھلی تھی۔ کہنے لگا یہ مدینہ والوں کے اونٹ کی خوراک ہے اور جلد واپس آگیا۔ اس کو پتہ چل گیا کہ اہلِ مدینہ کے اونٹ ابھی یہاں سے گئے ہیں۔ یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ تجارتی قافلہ سے مسلمانوں کا دستہ بہت دُور نہ تھا۔

اِس بات کو ثابت کرنے کے لئے ایک زبردست قرینہ یہ ہے کہ قافلہ کے چلنے کی خبر مدینہ پہنچی اور مدینہ کے قرب سے تیز رفتار قاصد مکّہ روانہ ہوا اور مکّہ سے ۲۰۰ میل سفر طے کر کے مقام بدر پر خیمہ زن ہوا۔ گویا کہ لشکر نے دس روز میں یہ فاصلہ طے کیا۔ تیاری کے لئے تین سے پانچ دن اگر شمار کئے جاویں تو اِس سفر کے لئے پندرہ دن بنے۔ قاصد بھی آٹھ دن سے قبل کسی بھی رفتار سے مکّہ نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اس طرح تین ہفتہ کا وقفہ پڑتا ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اتنے دنوں یعنی سترہ دن تک یا تو منتظر رہے کہ قافلہ مدینہ کے قریب نظر آئے تو بات کریں اور یا تلاش میں پھرتے رہے۔ کیونکہ چار روز کا سفر طے کر کے آپ بدر کے مقام پر پہنچ گئے تھے۔ اِن حالات میں قافلہ کا آزادی سے مدینہ کے عقب سے گزرنا ممکن نہ تھا۔ دوسرا طریق ہی قرینِ مصلحت تھا اس لئے آپ نے تلاش ضرور کی لیکن عجیب بات ہے کہ تلاش کے باوجود قافلہ نہیں ملتا حالانکہ آپؐ کو بھی اس شاہی شاہراہ کا بخوبی علم تھا۔ جبکہ اِس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ آپؐ کو اہلِ مکّہ کے ذریعہ علم ہو چکا تھا کہ قریشِ مکّہ ایک لشکرِ جرّار لے کر مدینہ کی طرف بڑھ رہے ہیں تو خطرہ قافلہ سے نہ تھا بلکہ لشکرِ قریش سے تھا۔ دونوں کے باہم مل جانے سے فوجی لحاظ سے مسلمانوں کے خطرہ میں اضافہ ہوتا تھا اور دشمنوں کے پاس وہ پوشیدہ طاقت موجود رہتی تھی یعنی مال جس کے لئے وہ جنگ ضرور کرتے اور شدّت سے لڑتے نیز قافلہ کی نفری سے بھی اُن کو تقویت پہنچتی۔ یہ امور حضورؐ

سے واقف نہ تھے اور غرباء، یتامیٰ، بیوگان و مساکین کے مالی نقصان کا بھی اندیشہ تھا۔ اس لئے حضورؐ کے حکم کے ماتحت علاقہ کی چھان بین اور کوہ نوردی اس طور سے کی گئی کہ قافلہ اور لشکر کے درمیان اسلامی دستہ چکر کاٹتا رہا اور قافلہ اپنے راستہ نکل گیا اور لشکر اپنی راہ آ گیا۔ ابوسفیان یا تو مدینے سے دُور رُک جاتا اور لشکر کا انتظار کرتا۔ مگر نہ تو اُسے علم ہوا کہ لشکر نکل پڑا ہے اور نہ اُس نے لشکر سے ملنے کی کوشش کی۔ البتہ بدر سے دُور گزرنے کے بعد لشکر کو بدر کے مقام پر پتہ چل گیا کہ قافلہ بحفاظت نکل کر بے خوف مکہ کی سمت سفر کر رہا ہے اور یہ خفیہ راستہ ابوسفیان نے خود ہی بطور تدبیر اختیار کیا تھا۔

اب اگر قافلہ کی حفاظت کا خیال تھا تو لشکرِ قریش کے سرداران کو چاہیئے تھا کہ وہ اپنے جاسوس اور کھوجی آگے روانہ کرتے اور قافلہ کا پتہ لگاتے اور خود بھی قدم تیزی سے اُٹھاتے۔ مگر انہوں نے حسبِ معمول سفر کیا اور بدر کے مقام، معروف شاہراہ پر دس دن میں وارد ہوئے۔ ورنہ ان کو یا تو مسلمانوں کے لشکر کا پتہ مل جاتا یا پھر قافلہ والوں سے ملاقات ہوتی لیکن ایسا نہیں ہوا۔

یہ بھی ہو سکتا تھا کہ قافلہ کی بخیریت واپسی پر لشکر بھی لوٹ جاتا مگر لشکر نے واپسی کا کسی وقت بھی ارادہ ظاہر نہیں کیا۔ گویا اُنہیں تجارتی قافلہ کی بھی پرواہ نہ تھی۔ اس سے ظاہر ہے کہ وہ لشکر دراصل حفاظتِ قافلہ کے لئے نہیں نکلا تھا بلکہ اس کی اصل نیّت مدینہ پر چڑھائی کی تھی۔

اُدھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اندازہ کے مطابق مکہ کی شاہراہ پر سفر کر رہے ہیں قافلہ پر حملہ کیلئے تعاقب نہیں کر رہے۔ تعاقب اور سفر میں زمین و آسمان کا فرق ہے اور بدر کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے ان گھاٹیوں میں داخل ہوتے ہیں کہ آپ لشکرِ قریش کو خیمہ زن پاتے ہیں۔ آپ اُتر پڑتے ہیں گویا کہ منزلِ مقصود آ گئی اور مرادِ مطلوب پالی۔

علاوہ ازیں حضورؐ کا اپنے لشکر کو مخاطب کر کے بتانا کہ مقابلہ لشکر سے مقدر ہے، کیا راز ہے جس سے ظاہر ہے کہ آپ کے کسی گوشۂ خیال میں قافلہ یا اس کے مال کا تصور موجود نہ تھا۔ اگر یہ شبہ پیدا ہو کہ جب لشکر سے ہی مقابلہ کا علم تھا تو کیوں نہ باقاعدہ اعلانِ جہاد کیا گیا اور پوری بھرتی لی گئی تاکہ اطمینان سے روانگی ہوتی۔ اس کا ازالہ یوں ہو سکتا ہے کہ مدینہ کے اندر منافقین کا وجود اور یہود کی آبادی قابلِ اعتماد نہ تھی لشکر کے مقابلہ کے اعلان کی صورت میں مسلمانوں کی پُشت پر نقصان کا اندیشہ اور اُن کی ریشہ دوانیوں سے اہلِ مدینہ کے اہل و عیال کو خطرہ ہو سکتا تھا۔ اور کثیر تعداد کے باہر جانے سے دشمن کو گرد و نواح سے مخالف عنصر کو جمع کر کے حملہ کرنے کی ترغیب ہوتی۔ اور یہ موقع اُن کے لئے نادر تھا۔ کیونکہ منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی بن سلول کی بنی ہوئی بادشاہت اور تاج رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے محض خواب بن کر رہ گیا تھا اور وہ آئے دن سازشیں کرتا رہتا تھا۔ اسلام کو اُس نے بظاہر قبول کیا مگر بہ باطن انتقام کے درپے تھا اور چاہتا تھا کہ مسلمان یہاں سے نکل جائیں۔

اناج اور پھل کی فصل بھر پور کھڑی تھی جس پر آئندہ کا انحصار تھا۔ اس صورت میں خرابی اور بربادی کا اندیشہ یقینی تھا۔

مسلمانوں کی تیاری کی خبر دشمنوں کو پہنچ جانا آسان تھا اور یہ خبر لشکرِ قریش کو جلد سے جلد مدینہ کے سر پر لا کھڑا کرتی اور مسلمان باہر نکل کر مقابلہ نہ کر سکتے کیونکہ یہ نیا نیا تجربہ تھا اور ابھی مدینہ آئے بھی زیادہ عرصہ گزرا تھا۔ اس صورتِ حال میں مقابلہ بیرونی دشمن سے تو درکنار اندرونی فتنہ کا استیصال بھی انتہائی تکلیف دہ ہوتا۔ قافلہ کی آمد نے پردہ پوشی کی اور مخالف عنصر کی توجہ مقابلہ کے اس پہلو سے ہٹ گئی۔

ہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو وحی الٰہی کے پابند تھے جس میں صاف بیان تھا کہ اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا۔ مسلمانوں کے ساتھ قافلہ کا ظالمانہ سلوک نہ پیشتر ہوا تھا اور نہ اس کا ذکر ہے بلکہ ان لوگوں سے مقاتلہ کی اجازت ہے جو ظالم تھے اور وہ لشکر کیل کانٹے سے لیس ہو کر مکہ سے روانہ ہو چکا تھا۔ اور اسی کی شکست اور مسلمانوں کی ان کے خلاف نصرت کا وعدہ تھا اس لئے یہ اعتراض درست نہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قافلہ کی خاطر مدینہ سے باہر نکلے۔ ہاں بعض دوسرے لوگوں کا ایسا خیال ہونا تو درست ہو سکتا ہے کہ قافلہ کو روکا جائے۔ لیکن اس بات کا حضورؐ کی طرف منسوب کرنا صحیح نہیں۔ بعض نے اس کے جواز میں بھی لکھا ہے کہ چونکہ قافلہ کی آمد سے اہلِ مکہ کو طاقت ملتی تھی اس لئے بطور ناکہ بندی قافلہ کو روک لینا یا لوٹ لینا کچھ غیر موزوں بات نہیں۔ اس کے متعلق عرض ہے کہ قافلہ اور لشکر کی آمد کی خبر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مل چکی ہے اب قافلہ پر طاقت صرف کرنا گویا اپنے تئیں کمزور کرنا ہے اور لشکرِ قریش کو دعوت دینا ہے کہ وہ ضرور مدینہ پر حملہ آور ہو۔ اور پھر مقابلہ کے وقت کون کہہ سکتا ہے کہ قافلہ سے مٹھ بھیڑ طول پکڑ جائے اور لشکر عقب سے حملہ کرے یا بالمقابل قافلہ سے مل کر لڑے دونوں صورتوں میں کمزوری کا پہلو زیادہ ہے۔

لشکر اپنی گود میں ۲۴ سردارانِ مکہ کو لئے آ رہا تھا اور قافلہ میں فقط ابوسفیان ایک قابلِ ذکر فرد تھا۔ اس لئے قرآن پاک کے وعدہ کے مطابق سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ یہی لشکر "جمع" کے لفظ کے مطابق تھا۔ ورنہ تجارتی قافلہ تو مال لا رہا تھا۔ جس کی شکست کا کوئی قرینہ نہیں اور یہی لشکر مکہ سے مدینہ پر چڑھا آ رہا تھا اور اس کا پیٹھ پھیرنا گویا کہ مدینہ سے ورے رُکنا اور واپس مکہ جانا "یُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ" کا صحیح نقشہ تھا۔ اور تجارتی قافلہ تو شام سے مکہ کے لئے لوٹ رہا تھا۔

سامنے راستہ رُکا ہوا دیکھ کر اور قافلہ کے بخیریت نکل جانے کی اطلاع پا کر لشکرِ قریش بلا کسی ندامت کے واپس لوٹ سکتا تھا اور اہلِ مکہ ملامت بھی نہ کر سکتے تھے۔ کیونکہ عربوں کا طریقِ جنگ یہی تھا کہ مقصد کے حصول کے بعد وہ بھاگ آتے تھے اور یہ وجہ یہاں بدرجہ اولیٰ موجود تھی۔ بلکہ کہا جا سکتا تھا کہ مسلمانوں کو

ناکامی ہوئی گردہ قافلہ لوٹ کر مال و متاع حاصل کرنا چاہتے تھے جس کو وہ حفاظت سے نکال لائے ہیں اور مسلمانوں کی تمام محنت و مشقت ضائع گئی لیکن دوسرے روز ان کی صف بندی اور اسلحہ پوشی بتاتی ہے کہ وہ قافلہ کی حفاظت کے لئے نہیں بلکہ حضرت اقدسؐ اور صحابہؓ سے جنگ کی خاطر اسپ سوار ہوئے تھے۔

حضورؐ کے عزیز و اقارب، حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے قریبی رشتہ دار اور دیگر صحابہ کے خاندان کے افراد مکہ میں ہی موجود تھے۔ اگر اس تجارتی قافلہ کے مال پر چھاپہ مارا جاتا تو سب کو مشترکہ نقصان ہوتا۔ حالانکہ یہ لوگ فطرتاً بُرے نہ تھے اور کفارِ مکہ کے افعال میں شریک نہ تھے اور مجبوراً و رسماً قومی لشکر میں شامل تھے۔ یہ لوگ یقیناً رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمدرد تھے اور انہیں کے ذریعہ حضورؐ کو مکہ اور کفار کے حالات سے آگاہی ہوتی تھی۔ تو احسان کا بدلہ احسان حضورؐ کی ذات سے متوقع تھا نہ کہ اس کے برعکس۔

غرض جتنا بھی غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ مسلمانوں کی طرف سے تجارتی قافلہ کو کوئی خطرہ نہ تھا اور نہ ہی کوئی ایسی تجویز تھی کہ قافلہ کو روکا جائے بلکہ درحقیقت **حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لشکرِ قریش کا مقابلہ مطلوب تھا۔** کیونکہ اس کے نتائج دُور رس اور مستقبل بعید پر اثر انداز ہوتے تھے۔

پس ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نہ تو تجارتی قافلہ کی مزاحمت کا ارادہ تھا اور نہ ہی حضورؐ نے اس غرض کیلئے کوئی قدم اٹھایا۔ البتہ آپ کو لشکرِ قریش کی ضرور فکر تھی جس کے مقابلہ کیلئے آپ نہایت دانشمندی اور حکمتِ عملی سے ایسی حالت میں نکلے کہ قافلہ کی آمد کا پردہ آپ کے منصوبہ پر پڑا رہا اور اس حالت میں کامیابی کا حاصل ہونا عدیم المثال معرکہ و معجزہ بن گیا۔

میدانِ بدر کا نقشہ

4	مسلم کیمپ
	مسلم گارڈ
	مسلم فوج
	دشمن کی فوج
	پانی اور کھجور کے درخت نخلستان
	ریت
	کفارِ مکہ کا کیمپ

میدانِ بدر میں داخل ہونے سے قبل آپؐ نے ہمراہیوں سے مشورہ کیا کہ مقابلہ چونکہ لشکرِ قریش سے ہوگا اس لئے جو واپس جانا چاہیں بلا تکلف جا سکتے ہیں۔ اُن سے نہ تو کوئی تعرض کیا جائے گا اور نہ اُنہیں ملامت کی جائیگی۔ ان کی واپسی نہ اُن کی وفاداری پر داغ ہوگی اور نہ کسی رنج کا باعث۔ لیکن کسی نے بھی واپس جانا نہ چاہا۔ پھر مشورہ شروع ہوا۔ اہلِ مکہ نے بڑی گرمجوشی سے حضورؐ کے ہمراہ جاتے، جنگ کرنے اور ثابت قدمی دکھانے کا وعدہ کیا اور اہلِ مدینہ نے بھی حضورؐ کو یقین دلایا کہ وہ حضورؐ کے آگے اور پیچھے، دائیں اور بائیں لڑیں گے اور دشمن آپؐ تک نہ پہنچ سکے گا جب تک وہ اُن کی لاشوں کو روندتا ہوا نہ گزرے۔ غرضیکہ سبھی نے اپنی قربانی اور فدائیت کا قولی اقرار کیا اور جوش و اخلاص سے آگے بڑھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان، حالات کے بیان، پیش آمدہ جنگ کے خطرات اور پھر اللہ تعالیٰ کے وعدے کا ذکر کیا۔ جس سے صحابہؓ کے دلوں میں سرفروشی اور جانفشانی کا جوش جنوں کی حد تک موجیں مارنے لگا۔ صحابہؓ نے بلا شرط حضورؐ کی کامل اطاعت، صبر اور استقامت پر مستعدی کا وعدہ کیا۔ قوم کا وہ سردار جو اپنے متبعین میں شوقِ شہادت کو عام کر سکے اس کے لئے جنگ کو آسانی سے لڑنا اور فتح پانا عین ممکن ہوتا ہے۔ یہ جرنیل کا کمال ہوتا ہے۔ وہ اپنے سپاہیوں میں اپنے باطنی جوش و جذبہ اور خلوص و صدق کی آگ کی حرارت سے ایسی گرمی پیدا کر دے کہ اُن کے دلوں میں وہی شعلہ بھڑک اُٹھے جو اس کے اندرون کو منور کر رہا ہے اور اُن کے جذباتِ قلبی کو اتنا اُبھار سکے کہ دشمن کے دیکھنے پر اُن کے اندر انتہائی تیزی اور طاقت پیدا ہو اور وہ اس غیر معمولی طاقت کو استعمال کر سکیں۔ یہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کے دلوں کو اپنے مقصد کی بلندی اور سچائی کی طاقت سے گرما کر اپنے ہاتھ میں کر لیا تھا اور آپؐ نے اُنہیں اللہ تعالیٰ کی نصرت کا یقین دلایا تھا جس سے وہ نتیجہ سے مطمئن ہو کر اپنے تئیں قربان کرنا چاہتے تھے۔ اور آپؐ نے اس اصول سے خوب فائدہ اٹھایا تھا کہ اگر سپاہی کا دل کمانڈر کے ساتھ ہو تو وہ سپاہی اپنے افسر کے ساتھ جہاں جا ہو ہر حالت میں جائے گا۔ نہ بے وفائی کرے گا اور نہ پیٹھ پھیرے گا، ہر شکل میں ساتھ دیگا، کامل فرمانبرداری کا نمونہ پیش کرے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب صحابہؓ کی رائے کا علم ہو گیا اور انہوں نے صاف دلی سے جنگ پر آمادگی ظاہر کی اور حضورؐ کی اطاعت کا جُوا اپنی گردنوں پر اٹھا لیا تب حضورؐ بے خوف و بے پرواہ ہو کر اللہ تعالیٰ کی نصرت پر یقین کرتے ہوئے میدانِ بدر میں اُترے۔ دشمن پہلے سے پانی پر قابض اور خیمہ زن تھا، آپؐ کی اچانک اور غیر متوقع آمد سے سوچ میں پڑ گیا۔ کفارِ مکہ کو یہ اُمید نہ تھی کہ حضورؐ مدینہ سے باہر نکل کر مقابلہ کی تاب لا سکیں گے اس لئے وہ اطمینان سے سفر منزل بمنزل کرتے ہوئے حسبِ معمول بڑھ رہے تھے۔ مگر حضورؐ کی تیز گامی نے دشمن کی تدبیر کو منہدم کر دیا تھا اور اب اس کو نئی تجویز پر غور کرنے کے لئے مجبور کر دیا تھا۔ یہ آپؐ کی پہلی فتح تھی۔ کامیابی کے حصول کے لئے دشمن کی تدبیر

کو ناکام کرنا اور فوری طور پر حالات کو بدل دینا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ کفارِ مکہ کے نزدیک مسلمانوں کا ۸۰ میل کا سفر اس لئے طے کرنا کہ قریش کی پیش قدمی کو روکیں بہت بڑی ہمت اور بہادری کا کام تھا۔ کیونکہ سامنے سلح لشکرِ جرار آ رہا تھا، راستے میں کوئی ہمدرد حلیف بچانے کے لئے نہ تھا اور آپ اصل مقامِ پناہ سے اس قدر دُور نکل آئے تھے کہ کمک یا امداد کے پہنچنے کا کوئی امکان نہ تھا اور دشمن کے اتنے قریب ہو کر اب واپسی کا راستہ بھی صرف مخدوش ہو گیا تھا بلکہ بند تھا۔ کیونکہ مُنہ موڑنا اور پیٹھ دکھانا اصولِ اسلام کے خلاف تھا۔

آپؐ کے ہمراہ ۷۰ مہاجر اور ۲۴۳ انصار تھے۔ کُل تعداد ۳۱۳ تھی۔ ۳ گھوڑے اور ۷۰ اونٹ تھے۔ جن کے لئے حضورؐ کو پانی کی فکر تھی۔ رات کو بارش ہو گئی۔ جس سے مسلمانوں نے پانی جمع کر لیا جو جانوروں اور انسانوں کے لئے کافی تھا۔ یہ خوفِ پیاس جو صحرائے عرب میں مایوسی پیدا کرتا ہے جاتا رہا۔ یہ رمضان کا مہینہ تھا، گرمی شدت کی تھی اور جنگ کی صورت میں پانی ایک اہم فوجی ضرورت تھی جو بروقت پوری ہو گئی ——

مسلمانوں نے رات نمازوں اور نوافل میں گزاری کیونکہ انہیں اپنی ذمہ داری کا بہت احساس تھا کہ خدا کا رسولؐ ان کے ساتھ ہے اور دشمن کے حملہ کا مرکز حضورؐ کی ہی ذاتِ پاک ہے اور آپؐ کے محافظ بہت تھوڑے ہیں اور دشمن تعداد و طاقت میں کہیں زیادہ ہے۔

صبح ہونے پر آپؐ نے اذان کا حکم دیا اور نماز ادا کی گئی اور نماز کے بعد سورج نکلنے پر آپؐ نے دشمن کی نقل و حرکت کا اندازہ لگا کر صف بندی کا حکم دیا۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صفوں کو درست کیا۔ میمنہ، میسرہ اور قلب متعین کیا۔ سواروں اور پیادوں، تیر اندازوں اور شمشیر زنوں کے مقامات مقرر کئے اور افسران کا اعلان کیا۔ حضرت حمزہؓ کو میسرہ (بائیں پہلو پر)، حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ کو میمنہ (دائیں پہلو پر) اور حضرت علیؓ اور حضرت ابو عبیدہؓ کو اپنی معیت میں قلب میں رکھا۔ نقشۂ جنگ حضورؐ نے خود مرتب کیا اور اس کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں رکھی، گو انفرادی عمل کی کامل آزادی ہر فرد کے اپنے حالات پہ چھوڑی۔ صبر و استقامت کی ہدایت فرمائی۔ پیچھے ہٹنے اور بھاگنے سے ممانعت فرمائی اور حکم دیا کہ جب تک حضورؐ کا حکم نہ ہو حملہ نہ کیا جائے بلکہ دشمن کا مقابلہ اپنی صفوف میں ہی محدود رکھا جائے۔ اس ماسٹر پلان کا آپؐ نے اعلان فرمایا۔ اس تدبیرِ عمل کے اُتار چڑھاؤ کے مشاہدہ کے لئے پیچھے قیام فرمایا جہاں سے احکام جاری ہو سکیں اور موقع کے مطابق نقشہ کو تبدیل کیا جا سکے، غور و فکر بھی کیا جا سکے اور اس امر کی احتیاط کی جائے کہ ماسٹر پلان کے کونے کا پتھر ہلنے یا ٹوٹنے نہ پائے۔

صحابہؓ کی عجیب کیفیت تھی۔ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی اور دو اونٹنیاں اس غرض کے لئے پیش کیں کہ اگر ہمارا پلّہ آپ کو کمزور ہوتا نظر آئے تو حضور واپس مدینہ تشریف لے جائیں۔ وہاں ہمارے بھائی رشتہ دار ہیں وہ آپ کی حفاظت

کریں گے۔ وہ اس لئے شامل نہیں ہو سکے کہ اُن کو حضور کے ارادے اور اس جنگ کا علم نہ تھا ورنہ وہ بھی اخلاص و فدائیت میں ہم سے کم نہیں۔ لیکن حضورؐ کب وہاں سے ہٹ سکتے تھے حضورؐ کی موجودگی صحابہؓ کی جان اور روح تھی۔ حضورؐ کے کلام میں طاقت ربانی تھی۔ حضورؐ کی معیت صحابہؓ کی طاقت کو شل نہیں بلکہ دہ چند کرنیکا موجب تھی۔ حضورؐ نے اس لئے بار بار صفوں میں چکر لگایا۔ بے خوف ہو کر لڑنے کی تلقین کی۔ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کو یاد دلایا اور صحابہ بھی اس بے جگری سے لڑے کہ دشمن کی آنکھوں نے پہلی مرتبہ وہ منظر دیکھا جس کا اُنہیں خواب و خیال نہ تھا۔ صحابہؓ کی صف بندی اس طرز پر کی گئی تھی جو گزشتہ زمانہ کے دستور سے بالکل مختلف تھی۔ گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وہ ایک مضبوط قلعہ اور آہنی دیوار بن گئی تھی۔

صحابہؓ کی یہ جماعت صبر و استقلال کی مسلسل تیرہ سالہ ٹریننگ کے بعد ایک مستحکم چٹان کی مانند کھڑی تھی جس کو توڑنا یا اس میں شگاف پیدا کرنا کالے دارد تھا۔ وہ اپنے نیزوں کو سنبھالے، تلواروں کو لٹکائے اور تیر و تفنگ لئے تیار کھڑے تھے کہ حضورؐ نے دشمن کی جانب جو نظر اٹھائی تو ایک لشکر کثیر، ۱۰۰۰ افراد کا اجتماع، سردارانِ قریش کا گروہ، تجربہ کار جنگجو سپاہی، سر سے پاؤں تک فولاد میں ڈوبے ہوئے، ۳۰۰ گھوڑے اور ۷۰۰ اونٹ، ان کی شہرت اور جنگی صلاحیت مسلّمہ۔ رؤسائے مکّہ سے بڑے بڑے جرنیل عُتبہ، شیبہ، ولید، ابوجہل، اُمیّہ، نضر بن حارث، اپنے اپنے محافظ دستوں کی ننگی تلواروں تلے کھڑے جنگ کے لئے تیار دکھائی دیئے۔ آپؐ نے اپنے ہاتھ الٰہ العالمین کے حضور بلند کئے اور نصرت موعودہ کے لئے پکارا۔ اشارہ ملنے پر آپ نے ایک مٹھی کنکری کفارِ مکّہ کی جانب پھینکی جس کو دشمن نے ابتداء جنگ کا اعلان سمجھا اور مبارز طلبی کے لئے آگے بڑھے۔ دونوں لشکر آمنے سامنے کھڑے ہیں۔ دشمن کی صف میں

ابوالعاص۔ دامادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔
عباسؓ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا۔
عقیل۔ حضرت علیؓ کے بھائی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بھتیجے۔
عبدالرحمٰن۔ حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے۔

اور حضرت عمرؓ کے ماموں نظر آ رہے ہیں۔

مسلمانوں میں عُتبہ سپہ سالارِ قریش کا بیٹا ابوحذیفہ کھڑا ہے۔ مکّہ کے ۷۰ مہاجرین موجود ہیں۔

قریش مکّہ نے عُمیر بن وہب کو بھیج کر پتہ چلا لیا تھا کہ مسلمانوں کی تعداد ۳۰۰ کے لگ بھگ ہے کیونکہ اُس نے تین اونٹوں کے ذبح ہونے سے اندازہ لگایا کہ ایک اونٹ یکصد انسانوں کی خوراک بنتا ہے۔ لیکن ساتھ ہی اس نے یہ بھی بتایا کہ مسلمانوں کے چہروں سے موت کے آثار نمایاں ہیں یعنی وہ موت کو ہمراہ لائے ہیں۔ یا وہ خود اس کی گود میں سو جائیں گے ورنہ تم کو سُلا دیں گے۔

عُتبہ سپہ سالار کی رائے ہے کہ اپنی قوم سے جنگ ٹال دی جائے کیونکہ قافلہ نکل چکا ہے اور

اب لڑنا بے سُود ہے لیکن ابوجہل نے مسلمانوں کی کمزوری کو دیکھ کر غلط اندازہ لگایا کہ وہ اپنی قوت سے ان کو تباہ کر سکے گا عُتبہ کی تجویز سے اتفاق نہیں کرتا۔ اور عامر حضرمی کو بُلا کر اشتعال دلاتا ہے کہ وہ مسلمان جنہوں نے تیرے بھائی عمرو حضرمی کو قتل کیا تھا سامنے کھڑے ہیں اور یہ لوگ جنگ کرنے سے پہلو بچا رہے ہیں۔ اُس نے واویلا کرنا شروع کر دیا، گریبان پھاڑ ڈالا، بال نوچنے لگا اور پکارا کہ میرے بھائی کا انتقام لینے والا قریش میں کوئی نہیں؟ اس وحشیانہ حرکت اور چیخ و پکار سے قریش کی رگِ حمیت پھڑکی اور تمام لشکر تیغ و سنان لئے حرکت میں آگیا۔ عُتبہ نے کوشش کی کہ وہ خود اپنی گرہ سے خون بہا ادا کر دے گا۔ لیکن ابوجہل اور سردارانِ قریش آمادہ نہ ہوئے اور جنگ ناگزیر ہو گئی۔

جنگ کا نقشہ خود بخود پلٹ رہا ہے۔ کفارِ مکہ کے سرداروں میں باہمی اتفاق نہیں اور کامل اطاعت مفقود ہے۔ اصل غرض جنگ ہے ہی نہیں جس سے لوگوں کو اُبھارا جا سکے اور اُن کی شجاعت کو بروئے کار لایا جا سکے۔ تجارتی قافلہ کی حفاظت بظاہر ان کا مقصد تھا، وہ نکل چکا تھا اس لئے ایک شخص کے بھائی کا انتقام قومی انتقام کی جگہ نہ لے سکتا تھا۔ گویا کہ پہلا نصب العین ہی جو کمزور ہوتا جا رہا تھا اور اب دوسرا منصوبہ تو بہت ہی ناقص اور بے جان تھا۔ پس رُوح کی گرمی اور خون میں جوش پیدا کرنے والی شے گم تھی۔ اس طرح جنگ کا نصف پہلو مفلوج ہو گیا تھا۔

دوسری طرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نصب العین شروع سے دنیا میں نئے نظام کا قیام تھا جس میں تبدیلی ناممکن تھی۔ ایک کمانڈر تھا اور ایک حکم تھا جس کی بلا چون و چرا بلکہ شوق سے اطاعت کی جاتی تھی، زمین و آسمان کا فرق تھا +

(باقی باقی)

درخواستہائے دُعا

---

(۱) محترمہ امۃ افتخار احمد ایاز صاحبہ نے اپنی پوتی عزیزہ امۃ الرافع سلمہا اللہ تعالیٰ کی طرف سے چھ روپے اعانت الفرقان میں عطا فرمائے ہیں۔ ایک خریدار کے نام رسالہ جاری کر دیا گیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو صحت و عافیت سے لمبی زندگی عطا فرمائے اور خادمہ دین بنائے۔ آمین

(۲) مکرم نذیر احمد صاحب سونگی ربوہ کی صاحبزادی نے پانچ روپے اشاعت الفرقان کے لئے بھجوائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے والد کو بخیریت کویت پہنچائے اور صحت و عافیت سے رکھے۔ آمین

(۳) چودھری فیض احمد اسلم صاحب چاکانوالی ضلع گجرات اپنی والدہ صاحبہ کی صحت کے لئے درخواست دعا کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کی والدہ کو صحتِ کاملہ عطا فرمائے۔ آمین +

ایک تحقیقی و تبلیغی مقالہ

ہندوستان پر اسلام کا اثر

(جناب مولانا شریف احمد صاحب امینی کے قلم سے)

(۲)

مسلمان حکمرانوں کے طرزِ حکومت اور طرزِ عمل میں فرق

پنڈت جواہر لعل نہرو ایک قابل مؤرخ بھی ہیں آپ نے نہ صرف ہندوستان بلکہ تاریخ عالم کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ اور اس مطالعہ کا نتیجہ آپ کی دو بیش بہا تصانیف ہیں ـــــ

(۱) Discovery of India (تلاش ہند)

(۲) Glimpses of world History (تاریخِ عالم کی جھلکیاں)

آپ نے اِن دونوں کتابوں میں مختلف مقامات پر مسلمان حکمرانوں کے کردار پر روشنی ڈالی ہے اور مندرجہ ذیل تاثرات کا اظہار کیا ہے :-

۱۔ سندھ میں آنے والے مسلمان خود عرب سے آئے تھے۔ وہ اسلام کی تعلیمات کے حامل اور عامل تھے اسلئے ان لوگوں نے سندھ والوں پر کوئی ظلم نہیں کیا اور نہ ہی ان میں مذہبی تعصب تھا۔

۲۔ مگر ہندوستان کے شمال سے آنے والے مسلمان فاتحین کے پاس اسلام بالواسطہ پہنچا تھا۔ اُن کے اندر عربوں جیسی رواداری نہ تھی اسلئے اُن کا طرزِ عمل عربوں سے علیحدہ تھا۔

۳۔ غزنوی، غوری اور پٹھانوں نے ہندوستان میں اپنے خاندان والوں پر ہی اعتماد کیا اور واپس اپنے وطن کو جاتے رہے مگر مغلیہ خاندان والوں نے ہندوستان کو ہی اپنا گھر سمجھا اور ہندوؤں پر بھی اعتماد کیا، انکو معاملاتِ حکومت میں شریک کیا اور اعلیٰ ترین عہدے دیئے۔ ہندوؤں سے مذہبی رواداری کا معاملہ کیا جس کے نتیجہ میں مغلیہ سلطنت کو استحکام ملا۔ چنانچہ وہ اپنی کتاب "Glimpses of world History" میں سندھ میں آنے والے عربوں کے بارہ میں فرماتے ہیں :-

(ا) "عرب لوگ اپنی ابتدائی بیداری کے زمانہ میں مذہبی جذبے سے سرشار تھے مگر تاہم وہ روادار تھے۔ اور اُن کی مذہبی رواداری کی متعدد مثالیں موجود ہیں ..... ہندوستان میں عربوں نے سوائے سندھ کے کسی اور جگہ حکومت نہیں کی مگر اس زمانہ میں بھی وہ آزادی سے سب سے ملتے اور اُن کے دوسرے لوگوں سے تعلقات محبت والے اور خوشگوار تھے۔"

(Glimpses P. 149)

(ب) غزنوی اور غوری فاتحین کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں :-

"یہ مسلمان ابتدائی طور پر بڑے سخت اور قدرے ظالم تھے کیونکہ وہ ایک سخت ملک سے آئے تھے جہاں نرمی کو قابل تعریف نہیں سمجھا جاتا تھا۔ مزید برآں چونکہ وہ ایک نئے مفتوحہ ملک میں تھے اور چاروں طرف سے

دشمنوں کے نرغہ میں تھے جو کسی لمحہ بھی بغاوت کر سکتے تھے ..... اُس وقت ایک مسلمان کے کسی ہندو کو مذہبی بناء پر مارنے کا سوال نہیں تھا بلکہ ایک نئے فاتح کا اپنے مفتوحوں کی آزادی کی رُوح کو کچلنے کی کوشش کرنے کا معاملہ تھا۔ بعض اوقات اِن ظالمانہ افعال کو بیان کرنے کے لئے مذہب کو درمیان میں لایا جاتا ہے اور یہ بات صحیح نہیں ہے۔" (ایضاً ص۲۱۹)

اسلام کے اثرات

اب مَیں اختصار کے ساتھ اُن اثرات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو ہندوستان میں کسی بھی صورت میں اسلام کی آمد کے نتیجہ میں ظاہر ہوئے۔

(۱) مسلمانوں نے ہندوستان کو اپنا گھر بنایا

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ مسلمانوں نے ہندوستان کو اپنا دوسرا وطن یا گھر بنا لیا۔ اور وہ یہیں آباد ہو گئے اور اِسی ملک کی ترقی و خوشحالی کے لئے کوشاں رہے۔ چنانچہ

(ا) ڈاکٹر تارا چند اپنی کتاب Influence of Islam کے ص۱۳۷ پر فرماتے ہیں:-

"The Muslims who came into In[illegible] made it their home. Mutual intercourse led to mutual understanding."

کہ مسلمان جو ہندوستان کو آئے انہوں نے اسے اپنا گھر ہی بنا لیا اور باہمی میل ملاپ باہمی سمجھ بوجھ اور موافقت کا باعث بن گیا۔"

(ب) گاندھی جی فرماتے ہیں:-

"مسلمانوں کا تو ہندوؤں کی مانند یہی وطن ہے۔ ان کا ہندوستان سے نکالا جانا بالکل ناممکن سمجھتا ہوں اسلئے ان کے ساتھ امن و امان سے رہنا ہی ایک طریقہ ہو سکتا ہے۔"

(اخبار سیتل امرتسر ۲۲ جون ۱۹۲۴ء)

(ج) راجہ امرپال سنگھ تعلقدار دلیپ سنگھ فرماتے ہیں:-

"مسلمانوں کو اِس ملک میں رہتے صدیاں گذر گئیں۔ اُن کی نسلیں ہندوستانیوں کی نسلوں سے رَل مِل گئیں۔ اب وہ پیدائشی ہندوستانی ہیں جس زمانہ میں وہ تازہ وارد ہوئے تھے ہم اُن کو اِس سرزمین سے بے دخل کرنے پر قادر نہ ہوئے تو آج جب اُن کی تعداد کروڑوں تک پہنچ گئی ہے شہر کے شہر اور محلّے کے محلّے اُن سے آباد ہیں۔ ہماری یہ کوشش کرنا کیا معنے رکھتی ہے۔ کہ یا تو وہ مذہباً ہندو ہو جائیں یا پھر ہم اُن کے لئے آغوشِ عالم کو تنگ کر دیں۔" (اخبار وکیل امرتسر ۱۰ ستمبر ۱۹۲۳ء)

(د) ابتداء میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات بہت ہی خوشگوار تھے اور وہ ایک دوسرے کی خوشی و غمی میں شریک ہوتے تھے۔ چنانچہ شری جواہر لعل نہرو اپنی کتاب "تلاش ہند" ص۵۳۳ پر فرماتے ہیں:-

(۱) "ہندو مسلم دونوں صلح و امن کے ساتھ مل جل کر ایک ساتھ رہتے تھے۔ دونوں ایک دوسرے کے

تہواروں اور خوشیوں میں شریک ہوتے تھے۔ ایک زبان بولتے تھے۔ کم و بیش ایک طریقے پر رہتے تھے۔ اور سب کے اقتصادی مسائل ایک سے تھے۔ پولو اُن کا پسندیدہ کھیل تھا اور ہاتھیوں کی لڑائی کا اُن سب کو شوق تھا۔"

(۲) راما کرشنا مشن کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی کتاب "Cultural Heritage" جلد ۴ صفحہ ۵۹۲ پر مرقوم ہے:۔

"The process of growth, both among the Hindus and the Muslims for almost nine centuries was one of contact, assimitation and synthesis"

کہ قریباً نو صدیوں تک ہندوؤں اور مسلمانوں کی باہمی ترقی کا طریق کار یہ تھا کہ وہ باہمی میل ملاپ رکھتے اور آپس میں موافقت و اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔"

اِن حوالجات سے صاف ظاہر ہے کہ ہندوستان میں اسلام کے ابتدائی دَور سے نو صدیوں تک ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات بہت اچھے اور خوشگوار تھے۔

(۲) مسلمانوں کا اثر ہندوستانی تہذیب و تمدن پر

اِس بارہ میں بھی خود ہندوستانی مدبرین و مؤرخین کی آراء حسب ذیل ہیں:۔

(الف) پنڈت جواہر لعل نہرو وزیرِ اعظم ہندوستان فرماتے ہیں:۔

"شمال مغرب سے آنے والے حملہ آوروں اور اسلام کی آمد ہندوستان کی تاریخ میں کافی اہمیت رکھتی ہے۔ اُس نے اُن خرابیوں کو جو ہندو سماج میں پیدا ہو گئی تھیں یعنی ذاتوں کی تفریق، چھوت چھات اور انتہا درجہ کی خلوت پسندی کو بالکل آشکار کر دیا۔ اسلام کی اخوت کے نظریئے اور مسلمانوں کی عملی مساوات نے ہندوؤں کے ذہن پر گہرا اثر ڈالا ہے۔"

(تلاشِ ہند)

(ب) بلبلِ ہند شریمتی سروجنی نائیڈو سابق گورنر یو۔ پی نے ۱۹۲۹ء میں برٹش انڈین یونین لنڈن کے زیرِ اہتمام ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا:۔

"ہندوستان کی تہذیب و تمدن کو مسلمانوں نے مالا مال کر دیا اور وہ چیزیں دیں جو اُسے (ہندوستان کو) زندہ بنانے کے لئے ضروری تھیں۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بلند و برتر ذاتِ مقدس کی یہ تعلیم تھی کہ ہر انسان خواہ وہ غریب ہو یا امیر ایک ہی خدا کا بندہ ہے۔ اسلام نے عورتوں کو حقِ وراثت سے محروم نہیں کیا اور اُسے حق دیا کہ وہ اپنے شوہر سے طلاق حاصل کر سکتی ہے۔ سب سے زیادہ پیاری چیز جو اسلام ہندوستان میں لایا تھا وہ یہ تھی کہ ماں کے قدموں تلے جنت ہے"

(برگزیدہ رسول غیروں میں مقبول حصہ چہارم صفحہ ۴۵-۴۶)

(ج) ڈاکٹر مرلی بسی رائے نے ۲۳ فروری ۱۹۶۳ء کو مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کے کانووکیشن کے موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا :-

"یہ صحیح نہیں کہ مسلمان ہندوستان میں آکر صرف بس گئے اور کچھ نہیں کیا۔ بلکہ انہوں نے یہاں کے فن تعمیر، موسیقی، ادب اور سیاسیات میں بیش بہا اضافہ کیا ہے۔ ہندوستان کی تربیت و تہذیب میں اسلام کی ذہانت و ذکاوت نے بہت کچھ حصہ لیا ہے۔ وہ لباس زرّیں جو مسلمانوں نے ہندوستان کی دیوی کو پہنایا اگر اتار لیا جائے تو وہ کیسی بدنما نظر آنے لگے گی؟ اس کا اندازہ آپ خود کر سکتے ہیں۔" (علیگڈھ گزٹ ۱۲ فروری ۱۹۶۳ء)

(د) پروفیسر ٹی۔ ایل وسوانی صاحب ایم۔ اے اپنے ایک فاضلانہ مضمون میں رقمطراز ہیں :-

"یہ کہنا ہرگز مبالغہ میں داخل نہیں کہ ہندوستان کے خیال و نیز طرز معاشرت میں اسلام نے نمایاں اضافہ کیا ہے۔ اسی مذہب نے ہندوستان میں قومیت کی بنا ڈالی۔ اور اس خطۂ زمین کے فلسفہ، شاعری، فن تعمیر و دیگر علوم کو اپنی غیر معمولی ذکاوت و ذہانت سے چار چاند لگا دیئے۔" (مسلم راجپوت ۱۴ جولائی ۱۹۲۶ء ص)

(ھ) ڈاکٹر تارا چند مشہور ہندوستانی مؤرخ اپنی شہرہ آفاق کتاب "Influence of Islam" میں فرماتے ہیں :-

(a) "Not only did Hindu religion, Hindu art, Hindu literature and Hindu science absorb Muslim elements, but the very spirit of Hindu culture and the very stuff of Hindu mind were also altered"

(b) "The total amount of change in all departments of social life was so great as to constitute the bigining of a new epoch"

کہ (۱) نہ صرف ہندو مذہب، ہندو آرٹ، ہندو لٹریچر اور ہندو سائنس نے اسلامی تعلیم کے عناصر کو اپنا لیا بلکہ ہندو کلچر کی مخصوص رُوح اور ہندو دماغ کا مخصوص پردہ بھی تبدیل ہو گیا۔"

(۲) (اسلام کی تعلیم کے نتیجہ میں) سوشل زندگی کے تمام شعبوں میں تبدیلی اس قدر زیادہ تھی کہ اس پر نئے دَور کی تعمیر کا آغاز کیا جا سکتا تھا۔"

(c) "It is difficult to resist the influence that Lingatism was a result

of tha influence which these muslims exerted in these parts of India"

(Influence P. 119)

(۳) اِس تاثیر کا انکار از حد مشکل ہے کہ (جنوبی ہند میں لنگایت قوم بُت پرستی کے خلاف توحید کی قائل اور چھوت چھات سے بالا ہے) لنگایت ازم نتیجہ تھا اُس اثر کا جو مسلمان ہندوستان کے ان علاقوں میں رکھتے تھے۔"

اِن مدبّرین کی آراء بالکل واضح ہیں کہ تعلیماتِ اسلامیہ نے ہندوستان کی تہذیب و تمدّن، نظریات و عقائد اور آرٹ و کلچر میں ایک نمایاں اثر و تغیّر پیدا کیا جو اب تک جاری و ساری ہے۔

۳۔ اسلام کا اثر ہندوستان کے مذاہب پر

ہندوستان میں ساتویں صدی قبل مسیح تک ویدک دھرم عروج پر تھا مگر دوسری صدی قبل مسیح میں بدھ دھرم کا دَور دَورہ شروع ہُوا اور اِس نئے دھرم نے ویدک دھرم کے بنیادی اصولوں پر کاری ضرب لگائی۔ ورنوں اور ذات پات کے امتیاز کو ختم کرنے کی کوشش کی تیسری صدی عیسوی کے وسط میں ویدک دھرم کو پھر عروج حاصل ہونا شروع ہُوا اور یہ عروج آٹھویں صدی عیسوی کے بعد اپنے پورے جوبن پر تھا جبکہ راجہ ہرش کی سلطنت ختم ہو گئی تھی اور بدھ دھرم اور جین مت کا قریباً خاتمہ ہو گیا تھا اور اُس زمانہ میں مسلمانوں کا عروج شروع ہُوا تھا۔ ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم کی سرکردگی میں مسلمان سندھ میں داخل ہوئے۔ چونکہ اسلام کی تعلیمات کا نقطۂ مرکزی "توحید الٰہی" اور "مساواتِ انسانی" تھا اسلئے اِن سادہ مگر دلکش تعلیمات نے ہندوستان کے لوگوں کے دلوں پر گہرا اثر کیا اور وہ اسلام میں داخل ہونے شروع ہوئے اور آہستہ آہستہ ہندوستان کے مذاہب میں اسلام نے بھی ایک نفوذ اور مقام پیدا کر لیا۔ چنانچہ

۱۔ راماکرشنا مشن کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی کتاب The cultural Heritage of India جلد دوم صفحہ ۴۹۲ پر مرقوم ہے کہ:۔

"بدھ دھرم داخلی اور خارجی طور پر برہمنی عقائد کا تار و پود بکھیر چکا تھا جبکہ ہندوستان پر مسلمانوں کا حملہ ہُوا۔ محمد بن قاسم اپنے ہمراہ کچھ مذہبی اور صاحبِ اخلاق و روحانیت افراد بھی لایا تاکہ وہ اُس مقصد کو مستحکم کر سکیں جس کے متعلق اسکو اپنے جرنیلوں سے امید تھی کہ اس کی بنا ڈال دیں گے۔"

مذہب اسلام کے عقیدہ توحید الٰہی اور مساواتِ انسانی نے جو کہ صحیح جمہوریت کی بنیاد ہیں ان لوگوں کے اذہان کو اپنی طرف کھینچا جن کو بدھ دھرم کے بھکشوؤں نے تیار کیا تھا کیونکہ بدھ لوگوں کا خدا تعالیٰ کے بارہ میں ناقص اور غیر معیّن نظریہ اُن کے اندر اُس تازگی اور زندگی کی قوت کو پیدا کرنے سے قاصر تھا جو خدا تعالیٰ پر یقین رکھنے والوں میں ہوتی ہے۔ چونکہ مسلمانوں میں خدا پر یقین و ایمان تھا اسلئے اسلام ان لوگوں میں پھیل گیا۔

۲۔ پنڈت جواہر لعل نہرو وزیرِ اعظم ہند اپنی کتاب "تلاشِ ہند" میں فرماتے ہیں:۔

"اسلام کے عقیدۂ توحید سے ہندو دھرم
متاثر ہوا اور ہندوؤں کے وحدت الوجود
سے اسلامی فلسفہ۔" (تلاش ہند)

۳۔ ہندوستان پر اسلام کے مذہبی اثرات کے بارہ میں ڈاکٹر
تاراچند صاحب یوں فرماتے ہیں:-

(ا) "اسلام سادہ مذہبی عقائد، مرتب قواعد و اصول،
مساوات اور سوشل نظام کے جمہوری نظریات
کو لے کر منظر عام پر آیا۔"
(Influence of Islam P.34)

(ب) "حضرت محمد صلعم نے جس مذہب کی تبلیغ کی وہ
بہت ہی سادہ اور آسان تھا۔ اسکے عقائد و
عبادات کی بنیاد قرآن مجید کے اس اصل پر ہے کہ
"خدا لوگوں کے بوجھ کو ہلکا اور کم کرنا چاہتا ہے"
اسلام کا مرکزی نظریہ توحید الٰہی ہے اور سب سے
بڑی عبادت نماز ہے۔ روزہ، زکوٰۃ، حج اور
رسالت محمدیہ پر ایمان لانا مذہب کے ارکان ہیں اور
سوشل اعتبار سے اسلامی تعلیمات کا دلکش اور
مؤثر پہلو مساوات، اخوت انسانی ہے۔ نیز اس
مذہب میں "پجاریوں" کی کوئی مخصوص جماعت
نہیں۔" (ایضاً ص۵)

الغرض اسلام کی یہ سادہ اور دلکش تعلیمات ہی تھیں جن سے ہر مذہب کے لوگ متاثر ہوتے اور اسلام اُن ملکوں اور قوموں میں پروان چڑھتا چلا گیا اور ہندوستان میں بھی اسلام کی ترقی اور پھلنے پھولنے کا یہی راز تھا۔ اب آزادیٔ ہند کے بعد بھی اسلامی تعلیمات کو مختلف رنگوں میں اپنایا گیا۔

چنانچہ ہندوستان کے "دستور اساسی" میں "مساوات" کے اصول کو جگہ دی گئی اور ایک خاص سرکاری بل کے ذریعہ "چھوت چھات" کو قانوناً روک دیا گیا ہے اور "ہندو کوڈ بل" کے ذریعہ ہندو عورتوں کو بھی خلع، طلاق اور ورثہ کے حقوق عطا کئے گئے ہیں۔ چنانچہ شری کے۔ ایم منشی سابق گورنر اترپردیش نے لکھنؤ میں ایک جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا:-

"نسل، رنگ، قومیت اور مذہب کے ہاتھوں
مختلف ٹکڑوں میں بٹی ہوئی دنیا کو آج بھی رسول کریم
کی اس تعلیم کی ضرورت ہے کہ تمام انسانوں کو برابر کے
حقوق اور مواقع حاصل ہونے چاہئیں۔
رسول کریم کے اس پیغام کو ہمارے ملک کے
دستور اساسی میں جگہ دی گئی ہے۔"
(پیغمبر اسلام مصنفہ ظل عباسی)

اسی طرح ذات پات کے امتیاز کی بُرائی کے بارہ میں شری جواہر لعل نہرو نے آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے اجلاس منعقدہ "شکلا نگر" میں ۳۰ اکتوبر ۱۹۶۱ء کو تقریر کرتے ہوئے فرمایا:-

"لوگ اس امر کو بھول جاتے ہیں کہ ذات پات
کا امتیاز سوشلزم کے لئے ایک مہلک دشمن کی
حیثیت رکھتا ہے۔ سوشلزم میں سب کے لئے
مساوات ہے مگر ہم ذات پات کے نظام کے جال
میں اُلجھ کر رہ گئے ہیں اور یہ نظام ہماری سیاست
میں بھی تباہی لا رہا ہے۔"
(اخبار "ہندو" مدراس مؤرخہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۶۱ء)

(باقی باقی)

ایڈیٹر کی ڈاک

(۱) عیسائی صاحبان کے لئے قابلِ توجہ

جناب مولوی محمد شفیع صاحب اشرف مربی سلسلہ احمدیہ ملتان لکھتے ہیں :-

"استاذی المحترم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ نے الفرقان (مارچ ۱۹۶۳ء) کے افتتاحیہ میں "موسیٰؑ کی مانند نبی" کے عنوان سے استثناء باب ۱۸ کی پیشگوئی کو نہایت مؤثر، بلیغ اور جامع انداز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ثابت فرمایا ہے عیسائی حضرات اس واضح پیشگوئی کو اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو یہ اندھے کے لٹھ گھمانے والی بات ہے۔

آپ نے نہایت ٹھیک فرمایا ہے کہ اگر عیسائی حضرات استثناء باب ۱۸ کی آٹھوں علامتوں پر غور کریں تو انہیں ماننا پڑے گا کہ یہ پیشگوئی صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ہی چسپاں ہوتی ہے۔ حضرت مسیح کو تو عیسائی خدا یا خدا کا بیٹا کہتے ہیں اور پیشگوئی نبی کے لئے ہے۔ خدا اور نبی ایک نہیں ہو سکتے۔ اسلئے عیسائی عقائد کے لحاظ سے بھی مسیح کے لئے اس پیشگوئی کا ہونا خارج از بحث ہے۔

خواہ لطیفہ کے طور پر ہی سہی یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر مسیحی حضرات غور کریں تو نہ صرف **عیسائی عقائد** کے لحاظ سے بلکہ مسیح کی پیدائش کے خاص **واقعاتی پہلو** سے بھی ان کا یہ دعویٰ ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔

پیشگوئی میں تو بتایا گیا تھا کہ وہ نبی موسیٰؑ کے **بھائیوں** میں سے ہوگا حالانکہ حضرت مسیح کی پیدائش سب کے نزدیک خالصتہً **بہنوں** میں سے[1] اور عیسائیوں کے نزدیک بھی اس میں موسیٰؑ کے کسی **بھائی یعنی مرد کا** دخل نہیں۔ اور اسی خصوصیت کے لئے مسیحی حضرات کچھ اور پیشگوئیاں بھی حضرت مسیح کے حق میں بیان کرتے ہیں۔

اگر استثناء کی پیشگوئی کے مصداق حضرت مسیح ہی ہیں تو پھر تو پیشگوئی کے الفاظ یہ ہونے چاہئیں تھے کہ میں اُن کی بہنوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کرونگا۔

گویا یہ عظیم الشان پیشگوئی جہاں ایک **نبی** کے لئے ہے اور خدا یا **خدا کا بیٹا** کہلانے والا اس کا مصداق نہیں ہو سکتا اسی طرح یہ **بھائیوں میں سے** پیدا ہونے والے نبی کے متعلق ہے صرف بہنوں میں سے پیدا ہونے والے کے بارے میں قطعاً نہیں۔

عاقل را اشارہ کافی است۔ عیسائی حضرات اگر اس معمولی سے لطیفہ پر بھی غور کریں تو ان کے لئے حق وصداقت کی راہ کھل سکتی ہے۔"

[1] الفرقان: قرآن مجید میں حضرت مسیح کے نام کو باربار ابن مریم کے لفظ سے ذکر کرنے میں بھی لطیف حکمت ہے۔

(۲) جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب خلیل ہیڈ ماسٹر بشیر آباد لکھتے ہیں :۔ "آپ کا رسالہ الفرقان بہت ہی مفید ہے بار بار پڑھنے کو دل چاہتا ہے۔ رسالہ کا ایک حصہ جس طرح ترجمہ قرآن پاک کے لئے وقف ہے اسی طرح ایک حصہ مسیحیت کے اسلام پر ناجائز اور ناروا اعتراضات کے جوابات کے لئے ہمیشہ کے لئے وقف ہونا بے حد مفید ہے۔ مسیحیوں کے کئی ایک تازہ اخبارات، رسالے، کتب، ٹریکٹ آئے دن لاکھوں کی تعداد میں یورپ، امریکہ، اٹلی، سسلی، روم سے شائع ہوئے ہیں جن کا جواب سوائے ہماری جماعت کے احباب کرام خصوصاً آپ کی طرف سے شائع کئے جانے بہت ہی ضروری ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق بخشے اور آپ زیادہ سے زیادہ شائع کر سکیں۔"

(۳) جناب مولوی محمد عرفان صاحب اپیل نویس مانسہرہ سے لکھتے ہیں :۔ "رسالہ ماہ مارچ ۱۹۶۳ء کے صفحہ ۴۴ پر درج شدہ **ایک مشورہ طلب امر** کے سلسلہ میں عرض ہے کہ مجھے خود افسوس ہے کہ معاونین خاص کی فہرست میں مجھے شامل ہونے کی توفیق نہ مل سکی۔ اور پھر افسوس مزید یہ بھی ہوا کہ سابق صوبہ سرحد کے حضرات نے بھی اس کی طرف توجہ نہ کی اور اُن کے نام بہت ہی کم نظر آئے۔ یہ حقیقت ہے کہ بعض بعض مواقع پر ایڈیٹر صاحب، مولانا ابوالعطاء صاحب کے لئے پھڑک کر دعا نکلتی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت مند زندگی لمبی عطا فرمائے۔ آمین

محمد شریف خان صاحب کے مشورہ سے مجھے اتفاق اس حد تک ہے کہ ہر ماہ میں اِن ناموں کی بجائے کوئی مضمون ہی شائع ہو جاوے تو بہتر رہے گا۔ لیکن معاونین کے نام دو موقعوں پر درج ہونے ضروری ہیں (۱) رمضان شریف کے آخری عشرہ کی دعاؤں میں (۲) جلسہ سالانہ کے موقع پر اُن کو اجتماعی دعاؤں میں یاد رکھنے کے لئے اُن کے نام ضرور درج ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اپنے اجر سے نوازے۔ اور اس طرح سلسلہ کے دیگر لوگوں کو ان دعاؤں میں شامل ہونے کیلئے معاونین خاص کے زمرہ میں شامل ہونے کی توفیق مل سکے۔"

(۴) جناب حافظ سخاوت علی صاحب قادیان سے تحریر فرماتے ہیں :۔ "یہ جو معاونین الفرقان کے نام چھپتے ہیں زمانہ حال اور آئندہ ہمیشہ کے لئے **محرک دعا** ہوں گے۔ نیز روک دینے سے ایسی تحریکیں بے اعتبار ہو جائیں گی۔ آپ ہرگز ایسا نہ کریں۔ میں نے جس معاون سے ذکر کیا وہ اِس تحریک سے ناخوش ہوا۔ زیادہ خود غور فرمائیں۔"

(۵) جناب ایم۔ اے غنی صاحب بی۔ اے راولپنڈی لکھتے ہیں :۔ "رسالہ الفرقان ماہ مارچ ۱۹۶۳ء کا ملا۔ تمام مضامین کو بار بار پڑھا۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ کریم اپنے فضل سے آپ کی مسعی کو کامیاب و کامران فرمائے! اور جس جذبہ کو لیکر آپ اُٹھے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے۔ آمین ثم آمین۔

آپ نے "ایک مشورہ طلب امر" کی بابت اظہار رائے طلب فرمائی ہے۔ اس کی بابت گزارش ہے کہ

اگر یہ صفحات کسی مستقل عنوان کے ماتحت وقف کر دیئے جائیں تو انشاء اللہ بہت سے لوگوں کے لئے باعث ازدیادِ ایمان ثابت ہوں گے مگر دوسری طرف توجہ کرتا ہوں تو خیال آتا ہے کہ جن احباب کے نام شائع ہوتے ہیں ان کو پڑھ کر ہو سکتا ہے کہ بعض احباب کے دلوں میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہو کہ کاش ہم بھی مستقل خریدار ہوتے اور ہمارے اسماء بھی صفت میں بطور دعا اسی طرح مسلسل دس سال تک شائع ہوتے رہتے کیونکہ لوگوں کے دلوں میں جذبات ابھارنے کا یہ ایک نہایت ہی کارآمد اور مفید ذریعہ ہے۔

ان باتوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے آخری فیصلہ آپ پر چھوڑا جاتا ہے کہ جیسا چاہیں کریں۔ کیونکہ دونوں نظریات کے ماتحت نتائج یقیناً آپ کے پاس ہیں۔لہ"

(۶) جناب مولوی نور الحق صاحب انور انچارج مبلغ مشرقی افریقہ لکھتے ہیں:- "رسالہ الفرقان ماشاء اللہ بہت ہی بلند پایہ مجلہ ہے۔ میں تو ہر ماہ اس کے لئے چشم براہ رہتا ہوں۔ اور جب ملتا ہے تو اکثر اس کو ختم کر کے ہی سوتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اخلاص و قلم میں برکت عطا فرمائے اور اس رسالہ کو ہر طرح مفید للناس بنائے۔ آمین"

(۷) کراچی سے ایک مخلص دوست لکھتے ہیں:- "افسوس کہ میں اپنی مالی پریشانیوں کے باعث الفرقان جیسے میگزین کو جو کہ دینی خدمات سرانجام دینے میں Light Tower کا کام دے رہا ہے جاری نہیں رکھ سکتا اور اس کی معاونت سے محروم ہو رہا ہوں۔ دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ میرے حالات کو درست فرما دے تاکہ پھر اس رسالہ کو جاری کرانے کی توفیق حاصل کر سکوں۔"

(۸) جناب پیر فضل الرحمن صاحب صدر جماعت احمدیہ مانگھٹ تحریر کرتے ہیں:- "گزارش ہے کہ اگر الفرقان میں ہر ماہ ایک مضمون بہائی مذہب کے متعلق بھی شائع کر دیا کریں تو بہت بہتر ہو۔"

(۹) "مباحثہ مصر" پر تاثرات

مکرم جناب مولوی دین محمد صاحب شاہد ایم۔ اے مربی راولپنڈی تحریر فرماتے ہیں کہ:- "ایک غیر احمدی دوست کو سلسلہ کا کچھ لٹریچر بھجوایا گیا۔ اس کو پڑھنے کے بعد اس دوست نے جو تاثر لیا وہ تحریر کر رہا ہوں:-

"تمام کتب کی بہترین طریقہ پر سٹڈی کی تھی ہر ایک کا بہترین مضمون تھا لیکن مباحثہ مصر والے صاحب نے بہترین تفسیر جناب عیسیٰ علیہ السلام کی کی تھی۔ ایسی تکلیف مباحثہ کے طور پر کسی نے نہیں کی۔"

نوٹ:- تردید عیسائیت میں تین تازہ کتابیں، مباحثہ مصر ۱۰ر۔ الفرقان کا عیسائیت نمبر عہ/، پادری عبدالحق صاحب سے تحریری مناظرہ عمہ/ مکتبہ الفرقان ربوہ سے مل سکتی ہیں۔

(مینیجر مکتبہ الفرقان ربوہ)

لہ الفرقان:- ہمارا فیصلہ ہے کہ تحریک دعا کیلئے نام شائع ہوتے رہیں گے۔ اگر ممکن ہوا اور خریدار بڑھ گئے تو صفحات کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

نومسلم سیف الاسلام محمود آف سویڈن [۱]

اسلام کا ایک اور آنریری مبلّغ

(جناب سیّد کمال یوسف صاحب فاضل مبلغ سکنڈے نیویا)

ہمارے نو احمدی بھائی سیف الاسلام محمود صاحب اکسن سویڈن سے ربوہ صرف رمضان المبارک کے روزے رکھنے، حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز اور بزرگانِ سلسلہ سے ملاقات کرنے اور قادیان کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے تھے۔ روزے تو وہ پہلے بھی رکھتے تھے مگر خالصۃً اسلامی ماحول میں روزہ رکھنا بھی ایک خاص نعمت ہے جس کے حصول کیلئے وہ ربوہ آئے۔ اس قیام کے دوران وہ چند دن کے لئے قادیان گئے مگر قادیان کے پاکیزہ ماحول سے متأثر ہو کر پروگرام سے مزید قیام کیا۔ قادیان کے متعلق اپنے تاثرات پوچھے گئے تو کہنے لگے کہ "الفاظ اس کو بیان کرنے سے قاصر ہیں۔"

۱۹۵۶ء میں سکنڈے نیویا مشن کھلنے پر سب سے پہلے بیعت آپ نے کی اور بڑی استقامت کے ساتھ نظام کی اطاعت اور خدمتِ اسلام میں مصروف ہے۔ جب آپ سے پوچھا گیا کہ کب عیسائیت سے تبدیلیٔ عقیدہ کر کے آپ مسلمان ہوئے تو کہنے لگے کہ حدیثِ نبوی کلّ مولود یولد علی فطرۃ الاسلام کے مطابق ہر شخص اسلامی فطرت لیکر پیدا ہوتا ہے بعد میں اسے ماں باپ عیسائی یا یہودی بنا دیتے ہیں۔ اس حدیث کی رُو سے میں تو پیدائشی مسلمان ہوں اور کبھی حقیقی عیسائی نہیں رہا۔" آپ نے رسالہ "ایکیوٹ اسلام" کی بنیاد رکھی اور سویڈن میں حصہ آمد کے ۱/۱۰ کے سب سے پہلے موصی ہیں اور اس سال سے تحریک جدید انجمن احمدیہ کے اعزازی مبلغ سویڈن میں مقرر ہوئے ہیں۔ خالصۃً عیسائی ماحول میں آپ کا اسلام کا عملی تبلیغی اور مالی جہاد کا نمونہ ہمارے لئے قابلِ رشک ہے اور یہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے باغ کا ایک پھل، دینِ محمدی کی سویڈن میں ایک زندہ تصویر ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ لاکھوں انسانوں کو حلقہ بگوشِ اسلام کرے۔ آمین!

"تحریری مناظرہ" اور عیسائی صاحبان سے استفسار

پادری عبدالحق صاحب سے الوہیت مسیح پر جو تحریری مناظرہ ہوا تھا اور جسے بصورت کتاب شائع کر دیا گیا ہے اس میں احمدی مناظر اور عیسائی مناظر ہر دو کے دو دو پرچے ہیں۔ یہ کتاب عیسائی زعماء کو برائے تبصرہ اور پادری صاحب کو برائے مطالعہ بصیغہ رجسٹری بھیجی جا چکی ہے۔ سب خاموش ہیں ــــ ہم عیسائی صاحبان سے پوچھتے ہیں کہ وہ اپنے "فاتح قادیان" پادری صاحب کے پرچوں کا مطالعہ کرنے کے لئے "تحریری مناظرہ" کیوں نہیں خریدتے؟

ــــ مینجر مکتبہ الفرقان ربوہ ــــ

---

[۱] فوٹو ٹائیٹل پر ملاحظہ فرمائیں۔

الفرقان کے خاص معاونین

مندرجہ ذیل احباب نے دس سالہ خریداری منظور فرما کر رسالہ کی خاص اعانت فرمائی ہے قارئین سے بھی ان کے لئے درخواست دعا ہے۔ جزاھم اللہ خیراً۔ (ایڈیٹر)

ربوہ دارالہجرت

- سیّدی حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی
- حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب
- حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی
- حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب
- جناب چوہدری محمد شریف صاحب خالد ایم۔ اے
- جناب رفیق احمد صاحب ثاقب ایم۔ ایس سی
- جناب چوہدری محمد لطیف صاحب ایم۔ اے غانا
- حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری
- حضرت قاضی محمد عبد اللہ صاحب بھٹی
- جناب چوہدری یحییٰ حسن صاحب باجوہ
- جناب ڈاکٹر محمد جی صاحب اسپیشل آفیسر دار الرحمت

قادیان دار الامان

- حضرت مولوی عبد الرحمٰن صاحب امیر جماعت
- جناب صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب
- جناب مولوی برکات احمد صاحب راجیکی
- جناب چوہدری سعید احمد صاحب بی۔ اے
- جناب چوہدری محمد عبد اللہ صاحب
- جناب ماسٹر محمد ابراہیم صاحب ہیڈ ماسٹر
- جناب سید شہامت علی صاحب ماسٹر زنانہ

- جناب حافظ سخاوت علی صاحب شاہجہانپوری
- جناب مسعود احمد صاحب انیس "
- جناب ڈاکٹر بشیر احمد صاحب آئی سپیشلسٹ
- جناب ڈاکٹر عطر دین صاحب
- جناب حکیم چوہدری بدر الدین صاحب عامل
- جناب چوہدری منور علی صاحب فوٹوگرافر
- جناب عبد اللہ صاحب فانی
- جناب چوہدری عبد القدیر صاحب

ضلع جھنگ

- جناب میاں بشیر احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ
- جناب ملک محمد حیات صاحب لسوآنہ
- جناب چوہدری عبد الحلیم خان صاحب مولوی فاضل
- جناب حافظ مبارک علی خان صاحب
ولد احمد علی خان صاحب چنیوٹ

ضلع سرگودہا

- جناب مرزا عبد الحق صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت
- جناب حافظ ڈاکٹر مسعود احمد صاحب
- جناب چوہدری جلال الدین صاحب چک ۳۴ جنوبی
- جناب شیخ محمد اقبال صاحب پراچہ
یونائیٹڈ بس لمیٹڈ سرگودہا۔

- جناب شیخ عبد الرحمٰن صاحب آڑھتی
- جناب میجر شمیم احمد صاحب جوہر آباد

ضلع لاہور

- جناب چوہدری اسد اللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ
- جناب شیخ بشیر احمد صاحب سابق جج ہائیکورٹ
- جناب چوہدری محمد شفیع صاحب
کمیشن ایجنٹ پتوکی۔
- جناب خواجہ محمد شریف صاحب برانڈرتھ روڈ
- جناب امیر الدین صاحب رتن باغ
- جناب ڈاکٹر اعجاز الحق صاحب رتن باغ
- جناب چوہدری فتح محمد صاحب
لاہور ہر یکیے ٹرانسپورٹ
- جناب محمد ابراہیم صاحب ناصر ہیڈ ماسٹر
- جناب چوہدری اعجاز نصر اللہ خان صاحب ایڈووکیٹ
- جناب چوہدری نور احمد خان صاحب گوالمنڈی
- جناب سراج الدین صاحب نسبت روڈ
- جناب چوہدری عبد الحکیم خان صاحب میکلوڈ روڈ
- جناب مرزا بشیر احمد صاحب ایس۔ ڈی۔ او
- جناب قریشی محمود احمد صاحب ایڈووکیٹ
